بتوفیق خدای ذو الجلال والاکرام کتاب نافع انام مسمی بہ

منتخب الاحکام

مع

رسالہ امراض الصبیان

در مطبع افضل المطابع محمدی بہ رونق طبع یافت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شکر اوس جہان ہی اوس خدا کا جسنی ایک مشت خاک سی ہم سبکو صورت انسان بنایا
اور اشرف المخلوقات ہماری حق مین فرمایا اور خرد سی کل تک ویر زمین سے
پیدا کئی اور رنگ برنگ کی تاثیر بخشی اور موافقت ساتھ مزاج صفراوی اور سوداوی
اور دموی اور بلغمی کی عطا کی بقول سعدی شیرازی شعر ہین مخالف طبع مین سرکش
یہ چار + چارون موجاتی ہین مل اہتمن یار + ایک ہوان چار سی غالب اگر + جان
شیرین تن سی کر جائی سفر + اس سبب سی ان ادویہ کو واسطی صحت پہنچانے
عوارضات قسم قسم کی موافق مزاج ہر بشر کی مقرر کیا آتشی آبی بادی خاکی کے
بموجب تجویز حکیم یا تجربہ کار کی کہادین ہوین لگادین سکین اور پہر اس چرخ
نیلگون کو اوپر زمین کی مثل پہائی مرہم زنگار کی بی استادہ استادہ قایم اپنی قدرت کاملہ
سی کیا **نظم** بی ستون برپا کیا افلاک کو + اور پانی پر بچہایا خاک کو +
قولہ تعالی ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ **نظم** صانع قدرت نی کی

جسقدر ہین اوسکی اصحاب و آل + مان سبکو اور ننگر کچہ قیل وقال + آب مدح سر فقرا

مخلوقات وشیرازہ صحیفہ ممکنات قبلہ نمای محراب امامت تخت نشین ایوان شریعت سفینہ

دریای طریقت قوت بازوی نبوت آبدار حوض کوثر سقیهم ربهم شرابا طهورا قافلہ سالار بو غا

مصدر لافتی کشندہ عبیر عنبر شکنندہ قلعہ خیبر اسد اللہ الغالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب

کرم اللہ وجہہ کو وصی کر کی بہیجا اونہونی بموجب حکم خدا اور رسول کی آب تقریر

زبان فیض بیان سی ہر گمراہ بدراہ کو غبار شرک سی پاک اور آتش دوزخ سی بیباک کیا

نظم علی ولی صاحب عز و جاہ + کری وصف جسکا حبیب خدا + مین اوصاف

اوسکی کرون کیا رقم + کری مدح جسکی شفیع امم + اب مدح امامین الہمامین المظلومین

کی لکہنا واجب ہی کہ وہ گوہر درج مصطفیٰ واختر برج مرتضیٰ وجگر گوشگان فاطمۃ الزہرا

وبرگزیدہ لطف خدا گوشوارہ عرش اعلی نور حدیقہ نبوت وسبزہ پوش گلشن شہادت

امام الکونین نور العینین ابی محمد ن الحسن و ابی عبد اللہ الحسین رضی اللہ عنہما بیت

حسین وحسن ہین امام زمان + کہ جن سی ہی قایم زمین آسمان + رباعی

ای صاحب تاج وتخت ادہر کو دیکہ + برگشتہ ہی مجسی بخت ادہر کو دیکہ + تم شاد

کنندہ جہان ہو یا شاہ نجف + میری پر الم ہی سخت ادہر کو دیکہ + بعد حمد خدا و

نعت سید انبیا و مدح آل ابا علیہ الصلوۃ والثنا کی یہ گنہگار شرمسار سید فضل علی بن

میر شاکر علی ابن میر کرم علی رہنی والہ قدیم شاہ جہان آباد کا خدمت مین ناظرین تمکین و

شایقین نکتہ چین کی عرض پیرا ہی کہ آبا و اجداد حقیر کی عہد دولت شاہی مین بعہدہ

تعلیم وتادیب شاہزادگان والا دودمان ممتاز تھی چنانچہ اب بھی بہائی صاحب عالی درجات

منبع فیوضات مصدر کمالات اوپر کرسی روزگار کی سرکار شاہی مین جلوہ گستر ہین

ڈاکٹر کلاک پاٹن صاحب کہ نام اونکا آج تک کلکتہ مین مشہور اور معروف ہی کہ فن
جراحی مین اپنا نظیر نرکھتی تہی اونکی خدمت فیضدرجت مین دست بستہ باراده
شاگردی کی حاضر ہوا اور سوال کیا میری زبانی یہ حال سنکروہ صاحب فیلسوف
ہمسر جالینوس اوستاد زمانہ اپنی فن کا یگانہ مہربان ہوا اور یون فرمایا کہ بہتر ہے
مگر رہنا ہوگا جب تک اوسکو خوب حاصل نکروگی تب تک پروانگی کہین جانے
کی نہ ملیگی ہمنی یہ سب قبول کیا غرض ہمین ایک مکان واسطی رہنی کی مقرر فرمایا
اور خدمت کی لئی ایک مسلمان باایمان کو یہ اجازت دی کہ کہانی اوپینی سی انکو کبھی
کسی چیز کی نہونی پائی سوا اسکی جو ضرورت ہو ہمی اطلاع ہماری انکو ملجائی خبردار انکی خدمتگذاری
مین فرق نہ آئی عاجزنی شکر پروردگار حقیقی کا کیا کہ فکر اخراجات سی فراغت پائی غیر جنسو نسی
رحمت ہاتہ آئی سبحان اللہ یہ مقام تصور اور غور کا ہی **بقول شاعر** ؎ مقدر مین ہی ملتا
نہین ؛ بس یہان کچہ عقل کا چلتا نہین ؛ جو کاتب تقدیر نی ازل سی لوح پیشانی پر لکہہ
دیا تہا اوسنی جلوہ ظہور پکڑا اسپر زبان طعنہ وملامت کی دراز کرنی ہر بشر کو بیجا ہی بلی
مشیت کسی کو کچہ بلا ہی **بقول شاعری** گمان تیرا کہ ہر کس ہم زنادانی مین ہی پیش آتی
ہی وہی جو کچہ کہ پیشانی مین ہی ؛ اور مٹنا امر تقدیر کا محال ہی کلام سودا شاہد مقال ہی
سودا چاک کو تقدیر کی ہرگز رفو ہوتا نہین ؛ سوزن تدبیر اوسکو عمر بہر سیتی رہی ؛ خدا گواہ ہی
وہ لہا جسکا سامی آگاہ ہی کہ اوس استاد یگانہ یکتای زمانہ نی مجہکو شریف زادہ جانکی عزیز کیا اور بسبب
لاولدی اپنی کی بطور فرزند ان نوازشیں والطاف روز بروز زیادہ کرنا شروع کیا اور جو جو
بتلایا اور سکہایا یہان تک کہ جو مشکل عوارضات تہی وہ سب میری ہاتہ سی اچہی کروانی
شروع کئی کہ کوئی دقیقہ اس فن کا رہ نجائی کہ دوسری کا محتاج ہونا پڑی غرض

سی کہ مرہم پذیر لایق تدبیر نہین ہوسکتا اور کسی بشر کو اوسی نجات پاتی نہین دیکھا اور نہ گاہ سنا عالم فانی سی طرف ملک جاودانی کی کوچ کیا اور نعرہ آہ کا ہر سمت سی بلند

ہوا **بقول شاعر** دیکھی گر بہ چشم ہوشیاری + عالم خواب ہی یہ بیداری +

کرلی جو کچہ کری کہ فرصت ہی + زندگی چار دن غنیمت ہی + ورنہ پہر جسکہ ہی معدوم ملک یہ + خواب

گنج لحد ہی حشر تلک + جانا چار اونکی مرنیکی بعد اور دو برس کلکتہ مین اوقات بسر کی لیکن اکثر جی گہبراتا اور شفاق اوستاد کا یاد آتا باوجودیکہ فراغت سب طرح کی تہی اوسنی یہی جی مین سمائی کہ خواہ مخواہ سیر لکہنو کی کیجئی یہ دل مین ٹہانکر روانہ ہوا آخر کار کمند تقدیر کشان کشان

سنہ بارہ سی پینتالیس ہجری مین یہان لی آئی کہ زمانہ رشک وخجلت دہ دارا و سکندر غیرت فغفور و قیصر یعنی نصیر الدین حیدر سلیمان جاہ فلک بارگاہ عاشق وشیدای نام رسالت پناہ عالی

دماغ مثل تانا شاہ تہا بلکہ بظاہر جو غور کیا اور دیکھا تو یہ ثابت ہوا کہ اگر تانا شاہ بہی اوسکی بارگاہ مین دخل پاتا اور اوسکی نازک مزاجی اور عالی دماغی کو دیکھتا تو دم ناک مین آجاتا اپنی

خوش دماغی کو بالکل بہول جاتا جبہہ سائی اوسکی آستان دولت کی کرتا سبحان اللہ جہان ایسا بادشاہ والا تبار فلک اقتدار ہووی تو اوس شہر کی سیر ہر مسافر کو لازم اور واجب ہی

بموجب اوسکی اگر فردوس بر روی زمین ست + ہمین ست وہمین ست وہمین ست

جب کچہ رسم ملاقات یہانکی باشندونسی ہوئی تو ہمراہ اونکی محفلو نمین جانا اور سیر کوچہ و بازار کی شام و پگاہ کرنا شروع کیا آخر الامر ایک نفر پیجا منہ سیب عشوہ ساز سحر پرداز سی موانست

ہوئی دل مائل ہوا ہر دم کی صحبت ہوئی شعر ہم نہین واقف کہ الفت کی یہ رسم وراہ ہی رحم لازم ہی کہ ظالم اپنی پہلی چاہ ہی + چند عرصہ مین جو اثاث البیت نقد و جنس پاس تہا

سب تواضع اوس مایہ ناز و معشوقہ دلنواز کی کیا اب نوبت یہان تک پہونچی

گو سمجھا چاہیی کہ جتنی باکمال ہوتی آئی ہین اون سبھون نی کچہ ریاضیت اور مشقت کر کی
روٹی کہائی اور کہلائی ہی بس تمکو بہی لازم ہی کہ ایک مکان دلستان سر راہ لیجیی کہ وہین
عبادت رزاق مطلق کی کیجیی علی الصباح للہ فی اللہ ہر ایک بیمار لاچار کو بغور دیکہیی
اور دوا دیجیی تو وہ خالق ارض و سما سلسلۂ رزق پردۂ غیب سی سرانجام کر دیگا کیا تونی
یہ نہین سنا ہی **فی المثل** بی کس ہرگز نماند عنکبوت + رزق را روزی رسان پر میدہد
جو بیمار صحت پائیگا وہ حسب مقدور خدمت آپکی بجا لائیگا یہ فکر اخراجات کم ہو جائیگی اور
صورت فراغت کی نظر آئیگی یہ کلام فرحت انجام سنکر اوسی روز سی مینی بقوت الٰہی
کمر ہمت کی باندہی اور توکلت علی اللہ تعالی پر دہیان رکہہ کی بسم اللہ الرحمن الرحیم
کہہ کی ایک مکان مین جا بیٹہا اور بیمارون کا علاج کرنا شروع کیا یہانتک کہ گردش ایام
نی مجہسی پہلوتہی کی اور نام میرا مشہور تمام ہوا اوس ذریعہ سی ہر ادنی و اعلی مین شناسی
بہم پہنچی باری افضال الٰہی سی تہوڑی دنون مین ایسی صورت نکل آئی کہ اوقات اچہی
طرحسی بسر کرنی لگا اور دلکو خواہش کسی چیز کی نرہی بعد چندی مدت کی نصیر الدین حیدر بادشاہ نی
انتقال کیا اور تخت سلطنت پر بادشاہ جمجاہ عالم پناہ سکندر بارگاہ محمد علی شاہ جلوس
فرما ہوئی **بقول شاعر** اس جہان کا کچہ اعتبار نہین + ایک طور اسکی تئین قرار نہین +
بیٹہی بیٹہی ایک روز تصور بی ثباتی اس دنیای ناپایدار کا ایسا بندہا کہ یہ عمارت نہ خانۂ تن
مثل حباب بلکہ حباب سی بہی کم نقطہ مین نظر آئی فوراً خیال گذرا **بقول شاعر**
آخر ایک دن اس جہان سی جائیگا + اسکو پہر سوچیگا اور پچہتائیگا + کسو سطی دو دہر
مرنا ہی جینا نہین اور مرنا بسوی بلیس + ایسی سہل سہاگ کو کون گوندہا دی بیش خدا
کی فضل و کرم سی اس زندگی دو روزہ مین خوب کہایا اور لٹایا اب جی یون چاہتا ہی

کیا مثل مشہور ہی کہ چراغ را پیش آفتاب نوری نیست یہ نادان بی زبان کیا لیاقت
رکہتا ہی مثل مشہور ہی گندہ بروزہ باخشکہ اگرچہ گندہ لیکن ایجاد بندہ اسطور پر کہی
ہی لیکن الامر فوق الادب سمجہکی حاضر کرتا ہون علی الصباح لیگیا انہون نی خوب اسکو
ابتدا سی انتہا تک دیکہا تو اپنی زبان فیض بیان سی تحسین اور آفرین کی اور یہ کہا کہ
ایسی یہ کتاب مفید الاجسام فائدہ مند خاص و عام کی ہوئی ہی گویا کہ ایک دریا فیض کا
جاری کیا ہی مینی جو بغور خیال کیا تو موافق مضمون ان اوراقو نکی نام اسکا مفید الاجسام
رکہا بندہ نی بہی بخیال ہلال حبیب اوسی نام سی مشہور کیا بعد اسکے ایک دوست شفیق ولی اور دوست
لم یزلی نی کہا کہ ہم بہی اوس سی سرفراز ہون اونکی خدمت مین بہی لیگیا بعد مطالعہ کی
اونہون نی کہا سبحان اللہ یہ کتاب نادر اور نایاب اس آب و تاب سی تصنیف ہوئی ہے
کہ اگر کوئی شوقین ہین اس بحر بی پایان مین شناوری اور غواصی کری تو گوہر مقصود سے
دامن دولت کو پر کری اسو اسطی کہ کوئی دقیقہ مشکل عوارضات جسمانی کا باقی نہین
چہوڑا جسکا بیان مفصل نہین کیا غرضکہ اپنی نزدیک بجدا یون ہی کہ ایک دریائے
محیط فیض کو کوزی مین بند کیا ہی اگر اسکو دار الشفا کہئی تو بہی بجا ہی لیکن مصنف کو
اسکی صد آفرین و مرحبا ہی کہ یہ ذخیرہ واسطی عقبی کی جمع کیا ہی یہ امداد خدای قادر ہے
مینی غرض کی تصدق ہو جئی ایسی کریم کی اور نثار جائی ایسی رحیم کی کہ مجہسی ناقص العقل
سی ایجاد با مراد ابتدا سی انتہا کو بخوبی پہنچائی بیت اگر سوسن صفت میری زبان ہو
نہین ممکن کہ شکر اوسکا بیان ہو + اب خدمت مین صاحبان دانش و بینش اس فن کے
پوشیدہ نرہی کہ ان اوراقو نکو موافق کتاب حکماؤن کی اور دانا گذران تجربہ کار ونکی
لکہا ہی مصرعہ گر قبول افتد زہی عز و شرف + چنانچہ ایکروز کا ذکر ہی کہ جناب

باب پہلا علاج پہوڑہ اور دانہ زہر بادمین جاننا چاہئی کہ ایک

پہوڑہ اوپر سر کی تالو کی جا ہوتا ہی صورت اوسکی یہ ہی کہ ایک دانہ برابر خشخاش کی اور گرد اوسکی سیاہی کف دست کی برابر ہوتی ہی اور وہ سیاہی مثل باد صرصر کی دوڑتی ہی اور زہر بادسی تعلق رکہتی ہی یہان تک کہ تمام بدن سیاہ ہو جاتا ہی اور وہ مریض چار پہر یا آٹہہ پہر کی بعد قریب ہلاکت ہو جاتا ہی لیکن بفضل ایزدی اگر کوئی مرہم یا اوستاد بہم پہونچی تو البتہ اچھا ہو جاتا ہی اگر سیاہی گردن کی نیچی نہ اوتری ہو تو علاج کری اور علاج اوسکا یہ ہی کہ پہلی فصد سرو کی کہولی اور خون پندرہ پیسہ بہر لی اور بعد فصد کی قی مفید ہی اسواسطی کہ یہ عارضہ محاذی قلب ہوتا ہی ایسا نہو کہ طرف اسفل کی رجوع کری دواقی کی یہ ہی **دوا** سرکہ دس تولہ شکر سرخ دو تولہ مین پہل چہہ ماشہ ان سبکو دو سیر پانی مین جوش کری جبکہ آدہا پانی رہ جائی تو دو دفع یا تین دفع پلا کر قی کرائی اور اوس دانہ پر اور سیاہی پر تیزاب لگائی یا پلاستر رکہی جب آبلہ پڑ جاے تو دوسری دن صبح کو کاٹ ڈالی اور مرہم اس طرح کا لگائی کہ زخم اچھا نہو اور خوب آلایش نکلی اور وہ مرہم یہ ہی **نسخہ مرہم** توتیا ہارونی ایک تولہ زنگار سبز ایک تولہ سوہاگہ چوکیا خام ایک تولہ بہروزہ تر چار تولہ پہٹکری ایک تولہ آبنہ ہلدی ایک تولہ ہرتال طبقی چہہ ماشہ ان سب دوائوکو مہین پیس کی بہروزہ مین ملاکر گائی کا گہی دو تولہ کو تہوڑا تہوڑا ملاتا جائی اور گہیتا جائی اور شراب برانڈی یا سرکہ تیز سی خوب اس مرہم کو دہوکر زخم پر لگائی جب وہ زخم سرخی پر آئی تو یہ مرہم لگائی **نسخہ مرہم** روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر پہلی گرم کری استخوان سر آدم دو تولہ برگ نیم دو تولہ لیکر اوسمین ڈالے اور خوب جلائی جب وہ نو چیزین جل جائین تو دور کری بعد موم دو تولہ ملائی اور مردار سنگ

پہر سفیدا ایک تولہ مردار سنگ چار ماشہ دم الاخوین چار ماشہ توتیا چار رتی ان سبکو بہین پیسکر ملائی جب قوام پر آئی تو اوتارلی اور زخم پر لگائی اگر حق تعالی نی چاہا تو اچہا ہوجایگا **نوع دیگر** ایک پہوڑا ماتہی پر ہوتا ہی یا کنپٹی مین یا پشت سر پر یعنی گدّی پر اور سر کی پہوڑی بہت ایسی ہوتی ہین کہ اوسمین تشویش زیادہ نہین ہوتی یا تو خود پہوٹ کی اچہا ہوجاتا ہی یا نشتر سی اور جو مرہم کہ بیان کئی ہین وہ لگائی **نوع دیگر** ایک عارضہ سر مین اور ہوتا ہی کہ دانی بہت سی ہوتی ہین اور اون مین سی پانی نکلتا ہی اور وہ پانی جس جگہ لگ جاتا ہی سب دانونکی صورت ایک سی ہوجاتی ہی اور وہ پانی ایسا ہوتا ہی جیسی گوند کا پانی علاج اوسکا یہ ہی **نسخہ مرہم** گہی گائیکا آدہ پاؤ دہو یا ہوا کمیلہ چہہ ماشہ مرچ سیاہ دو ماشہ شنگرف دو ماشہ سبکو پیسکر چہانکر ملائی اور ایکدن شبنم مین رکہی دوسری دن لگائے اور پہلی گرم پانی اور نمک ساہر سی اوس مقام کو دہودی اور ایک ہفتہ بہر اسکو لگا دیکہی اگر اسمین فرصت ہوجائی تو بہتر ہی اور نہین تو پارہ چہہ ماشہ اجواین خراسانی چہہ ماشہ پان بنگلہ مع مصالحہ چار عدد اور وہ دوائین جو اوپر بیان کی ہین اوس مین ملائی اور بدستور نمک پانی سی دہووی اور وہ مرہم لگائی اور یہ دوا پلائی **نسخہ** گلسرخ چار ماشہ مویز منقی کی سات دانہ گل بنفشہ چہہ ماشہ مکو خشک چہہ ماشہ رات کو بہگوادی صبح کو جوش کری مصری تولہ بہر ملاکی پلادی چوتہی دن یہ دوا دی **نسخہ** عصارہ ریوند دو ماشہ گلقند تولہ بہر ملاکر کہلادی قی اور دست آوینگی بعد دو پہر کی قلیہ خشکا دی دوسری دن یہ دوا دی **نسخہ** بہیدانہ دو ماشہ ریشہ خطمی چار ماشہ مصری تولہ بہر جب مادہ اخراج ہوگا صحت کامل ہوجائیگی **نوع دیگر** ایک پہوڑا گردن مین گدی پر ہوتا ہے

رنگ اوسکا مثل خون کبوتر کی ہو جائی تو اوسکو چہان لی اوس مین موم دو تولہ
توتیا سبز ایک رتی ملادی اور روغن زیتون تولہ بہر ملا کر رکہی اور لگائی اگر خدا نی چاہا
تو اچہا ہو جایگا اور پرہیز یہ ہی مونگ کی دال دہوئی اور روٹی کہلائی پانی پکائی جب
سیر بہر کا آدہ سیر رہی تو سرد کر کی پلائی نوعدیگر اور کان کی لو کی نیچی بہی ایک پہوڑا
ہوتا ہی اور وہ بہی پہلی نہین معلوم ہوتا ہی اوس مین بہی جو نادان حکیم ہوتی ہین علاج وہ
کرتی ہین جو اوپر بیان ہوا ہی جبکہ پہوڑا طول پکڑتا ہی تو جراح کو بلاتی ہین اور وہ بہی داغ ناحق
کرتی ہین لازم ہی پہلی اوسکو نرم کری کیونکہ کچا چیرا جاتا ہی تو بدنامی حاصل ہوتی
ہی چار روز کی عرصہ مین کچہ ڈر نہین ہی کس لئی کہ بدنامی حاصل نہو جب نرم ہو جاےگا
تو خلل نہ کریگا پہلی یہ دوا باندہی نسخہ برگ شہتوت دو تولہ برگ نیم دو تولہ پیاز سفید
ایک تولہ نمک سانبہر چہ ماشہ ان سبکو پیسکر نیم گرم لگائی اگر پہوٹ جائی تو بہتر ہی نہین
تو نشتر دی یا جیسی صلاح وقت ہو ویسا کری اور یہ مرہم لگائی نسخہ پہلی روغن سرسون
سات تولہ لیکی گرم کری اور موم زرد تولہ بہر سنگ بصری دو تولہ آرد ماش دو تولہ
ان سبکو کڑہائی مین ڈال کر حل کری اور سرد کر کی لگائی اگر اوس مرہم سی اچہا نہو تو وہ
مرہم لگائی کہ جسمین پتن جوت ہی جبکہ گوشت برابر ہو جائی تو سیاہ مرہم لگائی اور سیاہ
مرہم یہ ہی نسخہ روغن تلخ آدہ پاؤ سیندور چار تولہ ان دونو کو کڑہائی مین پکائی اور
نیم کی سونٹی سی گہوٹتا جائی جب تار بندہنی لگی تو اوتار لی اور لگائی اور پہوڑی کو چیر کی منہ
کشادہ کری کس لئی کہ اگر کم ہو گا تو چور رہ جائی گا نوعدیگر ایک پہوڑا آنکہ کی کوئی
مین ہوتا ہی وہ خود بخود پہوٹتا ہی اوسکا علاج یہ ہی پہلی تو وہ مرہم لگائی کہ جس مین
توتیا اور زنگار ہی اوپر بیان کیا ہی جب مواد نکل جائی تو یہ مرہم لگائی نسخہ اشتران

ان اجزا کو رات کو بہگو دی اور صبح کو ملکر چہانکر شربت انارین ملاکی پلائی اور ناک مین یہ دوا سونگہائی ادویہ ارنی اوپلی کی راکہہ انڈیکا پوست جلاہوا زنگار جلاہوا اگر اس سی بند ہو تو یہ ناس دی **ناس** زہرمہرہ خطائی بنسلوچن کتہہ سفید بڑی الایچی سنگجراحت برابر وزن کرکی پیس کر ناس کی طرح سونگہائی اور دماغ پر یہ لگائی **دوا** پہلی ببول تولہ بہر برگ ببول تولہ بہر حنا سبز تولہ بہر آملہ خشک تولہ بہر صندل سفید تولہ بہر اگر اس سی بہی بند ہو تو یہ دوا لگائی **ادویہ** تخم ریحان تولہ بہر صندل سفید تولہ بہر کافور چار ماشہ بہری دہنیا کی عرق مین لت کرکی لگائی خدا چاہی تو اچہا ہو جائی یہ علاج بہی قابل یاد رکہنی کی ہی کیونکہ یہ بڑی معرکہ کا علاج ہی **نوع دیگر** اور دوسرا عارضہ بہی ناک مین ہوتا ہی اوسکو پینس کہتی ہین اور وہ آتشک سی تعلق رکہتا ہی اگر صاحب عارضہ منکر ہو تو لقین نکرنا چاہی کس لئی کہ باپ اور دادی سی بہی ہوتی ہی کیونکہ اکثر ڈاکڈرون نی اور اکثر حکیمون نی کتابون مین لکہا ہی اور اکثرون کا قول یہ ہی کہ نزلہ ہا رسی بہی ہوتا ہی اور اپنی آنکہہ سی بہی دیکہا ہی صورت اوسکی یہ ہی پہلی تو خوشبو اور بدبو کچہہ معلوم نہین ہوتی ہی بعد اوسکی درد سر مین اور پیشانی مین بہی ہوتا ہی اور آواز مین بہی فرق ہوتا ہی اوسکی واسطی تنقیہ مفید ہی مسہل اور فصد اور قی اور عمل لازم ہی اور یہ ناس سونگہائی **نسخہ** پلاس پاپڑا گری کرنج پہٹکری سرخ نک چہکنی تنباکو خشک ایسی چیزین سونگہائی برابر وزن کرکی اگر چہینکین آوین تو جلد اچہا ہو جایگا اور نہین تو ناک کی بیچ مین جو ہڈی ہوتی ہی وہ جاتی رہتی ہی اور اوسکی واسطی روغن دیودار اور روغن بلسان اور روغن تاپین انگریزی مفید ہی یا روغن کاہو اور روغن کدو اور روغن تخم پٹیہہ مفید ہی اگر کچہہ مقدور ہو تو چوب چینی یا معجون عشبہ یہ شروع کری اور آخر کو ہڈی نکلکر ناک دب جاتی ہی

ادویہ شیر تازہ گاو آدہ سیر مغز فلوس دو تولہ ان دونو کو گرم کرکی غرغرہ کری اور ایک
دوا یہ ہی ادویہ برگ شہتوت چار عدد کوکنار مسلم چار عدد اسبند سوختنی ایک تولہ عدس
مسلم دو تولہ دو سیر پانی مین جوش کری جبکہ سیر بہر رہ جاوی تو غرغرہ کری اگر اس سی فائدہ
ہو تو بہتر ہی نہین تو دوا یہ کری نسخہ سبوس گندم چہہ ماشہ ناخونا ایک تولہ گل خطمی تولہ
بہر زوفای خشک تولہ بہر نمک لاہوری چہہ ماشہ ان سبکو تین سیر پانی مین جوش کری
جبکہ سیر بہر جل جاوی تو غرغرہ کری اگر اس ادویہ سی پہوڑا پہوٹ جاوی تو بہتر ہی اگر
نہ پہوٹی تو یہ دوا کری کہ یہ تیزاب ہی نسخہ پوست انار چہہ ماشہ تخم ترب چہہ ماشہ زاج
سفید چہہ ماشہ نوسادر دو ماشہ سرکہ تند آدہ سیر لیکی سبکو سرکہ مین جوش کرکی غرغرہ کری
جبکہ یہ پہوڑا پہوٹ جاوی تو خیال کری کہ زخم ہی یا مل گیا اگر ملجائی تو یہ دوا کری دوا
کوکنار دو عدد سبوس گندم چہہ ماشہ گل خطمی چہہ ماشہ گلنار خشک چہہ ماشہ ان سبکو جوش
کرکی غرغرہ کری اگر فضل خدا ہو تو بہتر ہی اور خدانکری زخم ہو تو یہ دوا کری دوا خطمی
تولہ بہر گل خطمی تولہ بہر گل بنفشہ تولہ بہر سپستان تولہ بہر تخم حلبہ تولہ بہر آب دریا نیم
ان سبکو خوب کوٹ کرکی بہگو دی آٹہہ پہر کی بعد روغن کنجد سیاہ ملاکر جوش کری جبکہ
پانی سب جل جاوی تو تیل کو چہان لی اور اس زخم پر لگائی نوع دیگر ایک پہوڑا منہ مین
زبان کی نیچی ہوتا ہی کہ اوسکی طرح آبلہ کیسی ہوتی ہی اور ایک پہوڑا پہلو کیطرف زرد ہوتا ہی
اور اوسکی سبب سی ایک گٹہلی باہر ہوتی ہی اوس گٹہلی پر یہ لیپ لگائی نسخہ جدوار
ہری کو مین گہس کر گرم کرکی لگائی اور جو آبلہ سا ہوتا ہی اوسکا علاج یہ ہی نسخہ بادرنگ
چہوٹی بڑی مائین مازو سبز نمک لاہوری برابر وزن لیکر جوش کرکی کلی کری اگر پہوٹ
جائی تو یہ علاج کری نسخہ ہرا دہنیا خشک دہنیا کتہہ سفید مازو سبز اسکو لگائی اور کلی کری

مرہم یہ ہی نسخہ بہروزہ دو تولہ ریوند چینی چہہ ماشہ انزروت چار ماشہ پیس کر ملائی
اور پانی سی اس مرہم کو دہوئی اور لگائی جبکہ پہوٹ جائی اور مواد نکل جائی تو یہ لگائی
ادویہ رسوت ایک ماشہ چوب تگر تین ماشہ گائی کی گہی مین ملادی اور کڑاہی مین حل
کری اور لگائی خدای تعالی چاہی تو اچھا ہو جایگا نوع دیگر ایک پہوڑا ڈاڑہ مین تا ہوتا ہی
اوسکا علاج یہ ہی ادویہ برگ نیم برگ بکاین برگ سنبہالو برگ نرمان ان پتیونکو
برابر وزن لیکر جوش کری اور بپہارا دی اور اوسی کو باندہی اور اوسی پانی کی کلی
کری اگر اندر پہوٹی تو بہتر ہی اور جو باہر پہوٹی تو بی دانت اوکہاڑ ہی اچھا ہوگا اور جو
یہ پہوڑا باہر ہو اور باہر پہوٹی تو اوسکو چیر ڈالی اور چار پارہ کری اور نیم اور نمک باندہی
اور مرہم اون مین سی لگائی جو اوپر بیان کئی ہین اور جو نہ اچھا ہو تو یہ مرہم لگائی
ادویہ روغن کنجد سیاہ پانچ تولہ موم سفید ایک تولہ لوبان ایک تولہ مردار سنگ
پانچ ماشہ توتیا ایک ماشہ پہلی تیل کو گرم کری اور موم ڈالی بعد ان سبکو پیس کر ملاوی
جبکہ یک جائی تو حل کری اور لگائی اور اندر پہوٹی تو وہ کلی کری جو خناق کی حال مین
اور منہ کی پہوڑ مین خشک دوائیان اوپر بیان کی ہین وہ کری اور زخم اندر سی
صاف ہو جائی تو وہ تیل بہر دی جو اوپر بیان ہوا ہی اور یاد کی لئی دوبارہ کہا جاتا ہی
وہ روغن تارپین یا روغن جل پائی کہ یہ روغن انگریزی ہین لگائی اور اگر منہ کی اندر
چہوٹی چہوٹی آبلہ ہون تو برف کا پانی لیکی کلی کری خدا چاہی تو اچھا ہو جایگا نوع دیگر
ایک پہوڑا ٹہوڑی پر ہوتا ہی اور اوسکی گرد سرخی ہوتی ہی اوسپر مرہم زنگار لگائی
یا وہ کہ جسمین ریوند چینی اور بہروزہ ہی جبکہ مواد نکل جائی تو سیاہ مرہم لگائی اور اوسکی
نیچی اگر گٹہلی ہو جائی تو نیم کی پتی اور چیت کی پتی اور نمک پیس کر باندہی جبکہ وہ یک جا ہی

سر مین گنج ہوتا ہی اوسکی دوا یہ ہی نسخہ فلفل گرد چہہ ماشہ کلونجی ایک تولہ ان
دونو دواون کو گائی کی گہی مین جلائی اور ہاون دستہ سی خوب گہوٹی جبکہ شل
مرہم کی ہوجائی تو رکہی اور ریٹہہ لیکی پانی مین گہولی اور مقطر کری پہلی اوسکی پانی سی
سر کو دہوئی بعدہٗ یہ مرہم لگائی اور اگر فایدہ نہو تو یہ لگائی نسخہ فلفل سیاہ چہہ ماشہ
کمیلہ سبز چہہ ماشہ برگ حنا سبز چہہ ماشہ آملہ خشک چہہ ماشہ برگ نیم چہہ ماشہ توتیا سبز
چہہ ماشہ پہلی روغن تلخ پانچ تولہ کڑہائی مین گرم کری پہر ان دواؤنکو ڈالی جبکہ جل جائی
تو گہونٹی اور لگائی نسخہ ہالم یعنی چمین سرد دو تولہ جلائی جبکہ مثل کوئلی کی ہوجائی پیسکر
روغن تلخ مین ملائی اور دوپہر دہوپ مین رکہی پہر اسکو لگائی خدا چاہی تو اچہا ہوجائیگا
اور سر کی پہوڑیکی اقسام اور علاج بہت ہین اگر اونکا سب حال بیان کرتا تو طول ہوجاتا
اسواسطی مختصر بیان کیا اگر جو پہوڑی سر مین ہوتی ہین اونکا علاج اگر ان مرہمون
سے کری تو اچہا ہی کیونکہ یہ مرہم خوب ہین نوع دیگر اور ایک پہوڑا گردن مین
قسم خنازیر کی ہوتا ہی اور اوسکو کنٹہہ مالا کہتی ہین اوسکی صورت پہلی ایسی ہوتی ہی
کہ داہنی جانب یا بائین جانب گٹہلیان ہوتی ہین اوسکا علاج یون کری کہ پہلی
تو تحلیل کرنی کی دوا کری اگر تحلیل ہوجائی تو بہتر ہی اور وہ یہ ہی نسخہ خاکسی
پانچ تولہ سورنجان تلخ ایک تولہ کندرہ ایک تولہ انکو ہری کاسنی کی عرق مین پیسکر
لگائی اور اوسکی پتی گرم کرکی باندہی جب وہ گٹہلیان معلوم نہون تو فصد اور
قی کرای اگر اس سی فایدہ نہو تو یہ عرق اور پتی موقوف کری اور ریونیکی عرق مین
ان دواؤنکو ملاکی لگائی بر تقدیر اگر تحلیل نہون یا کم تحلیل ہون تو اوسکی
بعد یہ لیپ کری نسخہ گلسرخ گل ارمنی گلنار گو خشک دم الاخوین تخم مودو

پہلی تین دن دودہ اور چانول کہلائی مگر صاحب عارضہ کو معلوم نہو کسو اسطی بعضی
دوا منہ پر صاحب عارضہ کی نہین کہتی ہین کیونکہ دل مین شبہہ ہوجاتا ہے
نوع دیگر ایک پہوڑا بغل مین ہوتا ہی وہ بہی قسم خنازیر سی ہے اوسکی صورت
یہ ہی کہ بعضی آدمی کی کئی گٹہلیان ہوتی ہین ایک اون مین سی پک جاتی ہی
اور آلایش نکلکر اچہی ہونی نہین پاتی ہی کہ دوسری اور پیدا ہوئی اسی طور پر
دفعہ دفعہ کر کی چہہ سات ہوتی ہین اور ایک صورت یہ ہی کہ ایک گٹہلی ہو کر پک
جاتی ہی اگر پہوٹ گئی تو اچہی بات ہی اور نہین تو نشتر دیا جاتا ہی لی اسکی اچہی
نہین ہوتی ہی اگر کوئی صاحب عارضہ لاغر ہو تو پہوڑی کی وہ صورت ہوتی ہی
جو اوپر بیان کیا ہی اگر جسم کسی کا تیار ہو تو یہ صورت ہوتی ہی کہ پہلی ورم سا ہوتا ہے
ساتہ سختی کی وہ بہت عرصہ مین پکتا ہی بسبب دیر کی تیز آب یا نشتر دیتی ہین تو خون
نکلتا ہی پس یہی خرابی ہی جبکہ نیم بندہ چکتی ہی تو بعد مرہم لگانی کی پانی نکلتا ہی اور
اسی طور سی طول ہوجاتا ہی اوسکا علاج یون کری کہ پہلی وہ پٹیان باندہی جو ڈاڑہ
کی پہوڑی مین بیان کی ہین جب نرم ہو تو وہ مرہم لگائی جسمین نان پاؤ کا مغز ہی
یا یہ دوا لگائی **نسخہ** میدہ گندم لو شہد اور زردی انڈہی کی ملاکی لگاوی پہوٹ
جایگا یا نرم ہوجایگا جبکہ نرم ہو تو نشتر دی نیم اور شہد اور نمک او پہٹکری باندہی اور مرہم
یہ لگائی **نسخہ** توتیا سبز تین ماشہ کو کنار سوختہ ایک تولہ عسل خالص موافق اوسکی ملائی
اور حل کری جب کہ مثل مرہم کی ہو تو لگائی اگر فایدہ نہو تو یہ مرہم لگائی **نسخہ** خوک کی
ہڈی اور بال اوسکی جلا کی دونو اجزا ایک ایک تولہ لیکی دو تولہ اوسکی چربی مین
ملائی اور خوب حل کری اور لگائی **نسخہ** اور جو زخم خشک نہو تو ان دونون مین سی

ایک پہوڑا عورت کی دودہ کی چہاتی مین ہوتا ہی اوسکا بہی علاج اسی طرحکا کیا چاہیئے
کہ اوپر بیان کیا ہی اور اس پہوڑے مین پہلی وہ مرہم لگائی کہ جسمین انڈہی کی زردی
ہی یا وہ مرہم لگائی کہ جسمین نان پاؤ کا مغز ہی ان مرہمونسی جو پہوٹ جائی تو بہتر ہی
اور جو نہ پہوٹی تو وہ مرہم لگائی جسمین آنبہ ہلدی ہی جب دیکہی کہ نہین پہوٹتا تو نشتر دی
اور جو خود پہوٹ جائی تو بہتر ہی اور زخم کا منہ اوپر ہو اور پیپ پانی سی نکلتی ہو تو نیچی اسکی
نشتر دی یا گدی نیچی باندہی اور دودہ پلانا بچی کا موقوف نکری اور جو احتیاط بچی
کی زیادہ ہو تو دودہ نہ پلائی اور مرہم یہ لگائی **نسخہ** نوفل نیم بریان چہہ ماشہ کتہہ سفید
نیم بریان چہہ ماشہ سیندور گجراتی چہہ ماشہ سفیدا کاشغری چہہ ماشہ پہلی گہی گائی کا سات
تولہ گرم کرکی موم زرد ایک تولہ ڈالی اور سب دواؤنکو پیسکر ملائی اور آنچ سی جدا کرکی
خوب گہوٹی جبکہ سرد ہو جائی پارہ چہہ ماشہ ملا کر حل کری اور لگائی **نوع دیگر** ایک پہوڑا
بی دودہ کی چہاتی مین ہوتا ہی اوسکی صورت یہ ہی پہلی ایک دانہ زرد مسور کی دانے
برابر اوپر اور گوشت کی اندر ایک گٹہلی برابر چنی کی ہوتی ہی وہ بڑہتی جاتی ہی اور وہ دانہ
اچہا ہو جاتا ہی اور گٹہلی اگر جوان آدمی کی ہو تو بعد ایک برس یا دو برس کے آم کی برابر
ہو جاتی ہی اگر ضعیف ناتوان یا پیر ہو اوسکی سات آٹہہ مہینے بعد آم کی برابر ہو جاتی ہی
جبکہ اس مقدار کو پہنچی تو ورم اور درد کی ساتہ بخار ہو جاتا ہی اور دوائیان پلانی سی بخار
جاتا رہتا ہی اور اوس گٹہلی پر دوائیان گہر کی اور اون لوگون کی لگاتی ہین کہ جو اس
فن سی ناواقف ہین اور جراح سی یہ فرمائش ہوتی ہی کہ اسکو تحلیل کرو اور یہ قسم پہر
کی ہوتی ہی نام اسکا کنکر بیل ہی اور تحلیل ہونا معلوم کیونکہ کاٹی سی نہین کٹتی تو میری
رای ناقص مین اس طرح سی آتا ہی کہ جو اوس کا علاج کری تو حکیم کو بہی اشتر یک

کپڑی پر ضماد کرکی اور رکہہ چہوڑی وقت حاجت کی موافق پہوڑیکی پہاہا کاٹکر لگائی اور جو پہوڑ ہو جائی
تو وہ جیت کی پتی کی ترکیب بیان کی ہی وہ لگائی جبکہ سختی کا نام باقی نرہی توان مرہمونسی
جو اوپر بیان کئی ہین کوئی تیز سا لگائی اگر پہوڑی کی پہوٹنی کی بعد بدگوشت ہو جائی
تو علاج نکری اور کری تو یہ کہی کہ اب ساری چہاتی کٹوا ڈالی تو اچہی ہوگی اور حکیم کو
یہ لازم ہی کہ وہ مزاجکی موافق دوا کری اور جرّاح کو یہ لازم ہی کہ وہ مرہم لگائی جبتک
زخم پانی ندی اور چہاتی نہ کاٹی جائی اور آگاہ ہو کہ جبتک چہاتی نہ کاٹی جائی وہ مرہم یہ
ہی نسخہ زنگار ایک تولہ شہد دو تولہ سرکہ دو تولہ ان سبکو ملاکر پکائی جبکہ تار بندہنی
لگی تو لگائی اور دیکہی کہ خون دیتا ہی یا پانی اور اچہی ہونیکا نشان یہ ہی کہ زخم کے
گرد سیاہی ہوتی ہی اور بو آتی ہی اور پیپ سیاہ نکلتی ہی اور سپیدی مثل پہپہوندی
کی ہوتی ہی پہر اوس زخم کا علاج نکری کہ وہ اچہا ہوگا اور اچہی ہونیکا نشان یہ ہی
کہ زخم چار طرف سی سرخ ہوتا ہی اور پیپ گاڑہی مائل بزردی ہوتی ہی اگر ایسی
صورت زخم کی ہو تو علاج بخوبی کری خدای تعالی نی چاہا تو اچہا ہو جایگا **نوع دیگر**
ایک عارضہ عورتکی چہاتی مین اور ہوتا ہی ان دونو قسمونکی سوا اوسکی صورت یہ ہی
کہ چہاتی مین جو سیاہی ہوتی ہی اوس مین کثرت سی دانہ ہوتی ہین اور اوس مین
خارشت بہی ہوتی ہی اور اکثر پانی بہی نکلتا ہی اوسکو اس بندہ نے اچہی ہوتی
کم دیکہا ہی اور جو کسی کو تخفیف ہوئی ہی تو اوس مرہم سی جسمین پان معہ مصالحہ
یا جس مین زیتون کا تیل ہی اور اکثر روغن بنفشہ سی بالکل اچہی ہوتی دیکہا ہی
مگر یہ روغن بہت کم میسر آتا ہی **نوع دیگر** ایک پہوڑا سینہ پر کوڑی کی جگہ ہوتا ہی
اوسکو بہی تیز مرہمونسی پکاکی پہوڑ ڈالی یا چیر ڈالی اور اوسکا بہی علاج جلدی کری

درمیان مین ہوتاہی اوسکو بہی خنازیر مین سی لکہتی ہین اور وہ عرف مین بدمشہور ہی

کہ اوسکی طرح یہ ہی کہ پہلی ایک گٹہلی سی ہوتی ہی اور اسکو آتشک کی شبہہ سی چہپائی ہین

حالانکہ پہوڑا بچی کی بہی ہوتاہی اور جو پوشیدہ نکرین تو جلد تحلیل ہوجائی اور یہ پہوڑا بہت

مشکل ہوتاہی اوسکی بٹہانیکی دوائیان یہ ہین نسخہ چونا ایک تولہ ساری سفیدی انڈہی

کی ان دونونکو ملاکر لیپ کری نسخہ آدمی کی سر کی ہڈی گہسکر گرم کرکی لگائی یا اسپغول

کو پانی مین پیسکر لگائی یا یہ لیپ کری نسخہ کتہہ سفید چہہ ماشہ تج قلمی چہہ ماشہ کمیلہ سرخ

چہہ ماشہ گوند ببول چہہ ماشہ ان سبکو پیسکر موافق پہوڑی کی پانی مین لت کرکی لگائی

اور جب تحلیل نہو تو پکادی دوائیان پکانی کی یہ ہین نسخہ ایک انڈہی کی زردی شہد

خالص ایک تولہ میدہ گندم ایک تولہ انکو ملاکر رکہی اور لگائی اگر پہوٹ نجای تو نشتر دی

اگر نشتر دینی مین کچہا نکلی تو برگ نیم برگ امربکوہی سنبر اور برگ نرما اور برگ جیت ایہ برگ بکاین ان سبکو

جوش کرکی بہپارا دی اور یہی باندہی اور ایک ہفتہ یہ عمل کری تاکہ خوب نرم ہوکر

مواد نکل جائی بعدہٗ یہ مرہم لگائی نسخہ پہلی روغن زرد آدہ پاؤ گرم کرکی اور دو تولہ موم

سفید ملائی بعدہ رال سفید سات تولہ ملائی جبکہ ملجای تو ایک پیالی مین پانی سی ہو ئی

اور عرق بہنگرا چار تولہ ملاکر زخم پر لگائی اور ایک لیپ ہی کہ شروع مین تحلیل کرتاہی

اور تیار کو پہوڑ دیتاہی اور جو نیم خام پہوڑا ہو تو پکاتاہی نسخہ حالون ایک تولہ تج قلمی ایک

تولہ تخم کتان ایک تولہ تخم بلبا ایک تولہ مصبر کمنگری چہہ ماشہ صابون چہہ ماشہ گوگل ہنیبیا

چہہ ماشہ ریوند چینی چہہ ماشہ سجی سرخ چہہ ماشہ ان سب کو پیس کر چہان کر موافق پہوڑی

کی پانی مین گرم کرکی لگائی اور بنگلہ پان اوپر گرم کرکی باندہی اور اس لیپ کی فائدہ بہت

ہین کسواسطی کہ اگر چوٹ لگی ہو تو سجی موقوف کرکی عوض اوسکی نمک لاہوری ڈالی اگر

عدد چھچھوندر ایک عدد سرگین خوک سات تولہ چربی خوک دو تولہ حقہ ناریل کہنہ
دو عدد روغن گنجد سیاہ ایک سیر یہ سب چیزین جلاکر چھان لی اور لگائی جب اوس سطر فسی
غلیظ اور ریح نکلنی لگی تو علاج نکری یہ زخم پانی دیتا ہی پیپ نہین دیتا ہی اور کوئی
بات ایسی نکالی کہ وہ علاج موقوف ہو جائی میری رای ناقص مین آتا ہی مگر اوستاد جو چاہین
وہ کرین اختیار اللہ تعالی پاک کا ہی **نوع دیگر** ایک پھوڑا دونون شانونکی درمیان
نہین ہوتا ہی اور اوسکو کتابون مین خنجر بیک لکہا ہی اور سنا بہی ہی کہ اندازا اوسکا یہ ہی
کہ پہلی سختی ورم کی ساتہ ہوتی ہی جب وہ پہوٹتا ہی تو بد گوشت ہو جاتا ہی دو نو جانب
کی پہنسی شبیہ ایک جانور کی ہوتی ہین اور مینی بہی سنا تہا کہ کلیجہ بشر کا کہاتا ہی لیکن جو دریافت
کیا تو معلوم ہوا کہ غلط تہا اور دیکہا تو بد گوشت تہا مگر اچہی ہوتی کہین نہین دیکہا اور
علاج کرتی دیکہا تو یون دیکہا کہ اگر بد گوشت کٹ جائی تو اچہا ہونا کچہ مشکل نہین ہی
مگر گوشت جو دوا سی کاٹنا منظور ہو تو دوائیان یہ ہین **نسخہ** شہد تین تولہ زنگار دو تولہ
سرکہ تند سات تولہ ان کو ملاکی پکائی جبکہ تار بندہنی لگی تو سرد کرکی لگائی اور خشک
دوائیان کاٹنی کی یہ ہین **نسخہ** سنکہیا سفید توتیا سبز نوسادر پہٹکری بریان سوہاگہ چونا
خام سجی گلابی ہلدی سوختہ ان سب کو باریک پیس کر لگائی اور ایک دوا انگریزی ہی یہ
کہ ایک بتی کاسٹک تیزاب کی ہوتی ہی اوسکو لگائی اور چہوری سی کاٹنی مین برائی
ہی کہ روز بڑہتا ہی اور گہٹتا ہی مگر سو اسطی نشتر سی نہین کاٹتی ہین اور سب جراح چہوری
سی کاٹتی ہین اسی باعث سی وہ پہوڑا خراب ہوتا ہی اور گرد اوسکی یہ لیپ لگائی
نسخہ تبرید رخطائی زہر مہرہ خطائی ریوند خطائی تخم مورد گلنار فارسی گل سرخ
دم الاخوین سب کو برابر لیکی عرق مکو سبز مین لگائی فصد اور قی لازم ہی اور غذا شوربا

لگائی اور کہنی سی نیچی تک سات پہوڑی ہوتی ہین **نوع دیگر** ایک عارضہ انگلی
مین ہوتا ہی اوسکو بسہری کہتی ہین جو اوس مین بد گوشت ہو اور نشتر سی اگر نہ کاٹی
تو تیزاب لگائی اور گوشت اگر کٹ جائی تو وہ مرہم لگائی کہ جس مین کشتہ ہی **نوع دیگر**
ایک پہوڑا ہتیلی مین ہوتا ہی اوسکو بہی چیر ڈالی اگر پہوٹنیکی راہ دیکہی گا تو انگلیاں ٹیڑہی ہو
سی جاتی رہین گین اگر انگلیاں سیدہی نہون تو ہیڑ کا گوبر پانی مین پکا کی بہپارا دی
اور دودہ بہیڑ کی بہی مالش ہو یا شراب و آتشہ کی اور کاندہی سی انگلی تک چودہ پہوڑی
معرکہ کی ہوتی ہین دو جانب کی اور بہت پہوڑی ایسی ہوتی ہین کہ جلد اچہی ہو جاتی
ہین **نوع دیگر** ایک پہوڑا پشت مین ہوتا ہی کہ اوسکو اڈیا کہتی ہین اور اوسکی گرد
چار پہوڑی ہوتی ہین چار طرح پر اور وہ پہوڑا پشت کی بیچ مین ہوتا ہی اوسکی صورت
یہ ہی کہ مثل سرطان کی ہوتا ہی اور وہ عرض و طول مین بہت بڑا ہوتا ہی اور اوس پہوڑی
مین ایک سوراخ پک جانی کی بعد ہو جاتا ہی اور پانی نکلتا ہی یا پیپ پتلی دیتا ہی اور
چہیچہڑا نہین نکلتا ہی لازم یہ ہی کہ اوسکو چار پارہ کر ڈالی چار انگل تک اور اوسکی آلائش کو
نمک سانبہر اور برگ نیم پھٹکری اور شہد سی پاک رکہی لیکن بائین جانب کو خیال رکہی
کہ ورم نہ آجاتی بر تقدیر اگر ورم ہو جائی تو داہنی ہاتہ کی فصد باسلیق کہلوائی پندرہ تولہ
خون لی اگر اسقدر خون نہ نکلی تو بائین ہاتہ کی فصد چار دن کی بعد لی اور یہ مرہم لگائی
نسخہ چوک چونا سجی توتیا سبز صابون رائی سوہاگہ چہ کیا دودہ مدار خام ایک ایک تولہ
گہی گائیکا بارہ تولہ لی کی گرم کر کی پہلی صابون ملائی اور باقی دوائیان پیس کر جدا جدا
وزن برابر کر کی ملائی جبکہ قوام پر آئی تو سرد کر کی لگائی اور اگر زخم بہر آنیکی بعد ورم ہو جائی
اور بعد ورم کی بحثیں ہو جائی تو کسی حیلہ سی معالجہ موقوف کر دی اگر کوئی حیلہ نہ چل سکی تو

قوام ہوجائی تو سرد کرکی لگائی اگر پیپ ساتہہ غلاظت کی نکلی تو یہ دوا اپنی کو دیویے
نسخہ برگ شہترہ چہہ ماشہ تخم شہترہ چہہ ماشہ صندل سفید چہہ ماشہ صندل سرخ چہہ ماشہ
گل منڈی چہہ ماشہ گاوزبان چہہ ماشہ اصل السوس مقشر چہہ ماشہ گل خطمی چہہ ماشہ
گل بنفشہ چہہ ماشہ ان سبکو بہگو دی صبح کو ملکر اور چہان کر نشاستہ ایک ماشہ طباشیر
ایک ماشہ زہر مہرہ خطائی ایک ماشہ دم الاخوین ایک ماشہ پیسکر اوپر دوا کی چہڑکی اور
پلائی اور گرد اوسکی یہ لیپ لگائی **نسخہ** برگ شہتر ایک تولہ برگ چرائتا ایک تولہ تخم شہترہ
ایک تولہ جدوار خطائی چہہ ماشہ صندل سفید صندل سرخ ایک ایک تولہ افیون مصری
پوست نیم پوست بکاین ایک ایک تولہ ان سب کو پانی مین پیسی اور گرم کرکی لگائی
اور پشت کی جانب پہوڑی جتنی ہوتی ہین وہ معرکہ کی ہین اون سب پر لیپ لگانا
مفید ہی خدا چاہی تو اچہا ہو جائی **نوع دیگر** ایک پہوڑا چوتڑ کی اوپر ہوتا ہی اس
طرف یا اوس طرف پس علاج اوسکا انہین مرہمون سی کرنا چاہیی کیونکہ مقام
تشویش کا نہین ہی اگر اوس سی اچہا نہو تو یہ مرہم لگائی **نسخہ** پہلی روغن کنجد سیاہ
پندرہ تولہ لیکی گرم کری اور صابون ولایتی تین تولہ سفیدہ کاشغری دو تولہ سیندور گجراتی
دو تولہ ملائی اور پکائی جبکہ قوام پر آئی سرد کرکی لگائی اور ایک مرہم یہ ہی **نسخہ** پہلی رال
سفید تولہ بہر لیکی باریک پیس کر چہانی اور چار تولہ تیل مین ملائی اور آب دریا سی
دہوئی جبکہ خوب سفید ہو تو یہ دوائیان ملائی **دوا** کتہہ سفید چار ماشہ توتیا سبز دو ماشہ
رسکپور تین ماشہ ان سب کو پیس کر ملائی اور لگائی **نوع دیگر** اور ایک پہوڑا چوتڑ کے نیچے ہوتا ہے
لوگ اسکو بہی نواسیر کہتی ہین اور یہ پہوڑا قسم نواسیر کی سی نہین ہی مگر یہ مقام سو
کا ہی اوس کی طرح یہ ہی کہ پہلی گہٹلی ہوتی ہی اور وہ خود بخود رسنی لگتا ہے

کہ جس مین رتن جوت ہی اگر اچہا نہو تو یہ مرہم لگائی **نسخہ** کندر ایک تولہ سیماب
چہہ ماشہ روغن کنجد سیاہ دو تولہ ان سب کو کہرائی مین ڈالکر حل کری جبکہ مثل مرہم
کی ہو تو لگائی خدا تعالی چاہی تو اچہا ہو جائی اور بر تقدیر نہ اچہا ہو تو علاج موقوف
کردی **نوع دیگر** ایک پہوڑا پنڈلی پر ہوتا ہی اوسکی صورت یہ ہی کہ پہلی ورم ہوتا ہی
اگر لیپ محلل تجویز کرکی لگائی تو تحلیل ہو جائی اور فصد باسلیق کہولی اور یہ لیپ لگائی
نسخہ املتاس دو تولہ گل خطمی مکوئی خشک ناخونا گل ارمنی ایک ایک تولہ تخم مورد چہہ
ماشہ افیون دو ماشہ سورنجان تلخ چہہ ماشہ جدوار چار ماشہ ان سب کو پانی مین پیسکر
گرم کرکی لگائی اور پٹی ارنڈ کی باندہی اگر وہ سرخ ہو دی تو وہ مرہم لگائی کہ جس مین
نان پاؤ کا مغز ہی اگر وہ پہوڑا پہوٹ جائی تو خیال کری کہ زخم کی نیچی سختی ہی یا نرمی
اگر نرمی ہو تو نشتر دی اگر سخت ہو تو نرم کرکی نشتر دی اور وہ مرہم لگائی کہ جس مین آب
باران ہی اور دوسری صورت اس پہوڑی کی یہ ہی کہ پہلی ایک چہالہ سا ہوتا ہی
اور اوس زخم سی دوا نکل نیچی اوترکی مواد ہوتا ہی جبکہ وہ چہالہ پہوٹ جائی اور مواد
نہ نکلی یا دبائیسی نکلتا ہو تو نشتر دی اور نیم و نمک باندہی بعد اوسکی یہ مرہم لگائی
نسخہ پہلی روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر لیکر گرم کری اور شلجم سفید دو تولہ بہلاوان گجراتی
دو عدد کچلا دو عدد تکیہ برگ نیم دو تولہ انکو جلاکی دور کردی بعدہ سیندور پانچ تولہ ملاکر
ملایم آنچ مین پکائی جبکہ قوام پر آئی تو سرد کرکی لگائی **نوع دیگر** ایک پہوڑا پنڈلی سی
چہہ انگل نیچی اوترکی ہوتا ہی اور وہ بہت عرصہ مین پکتا ہی ایک برس دو برس کی
بعد پہوٹتا ہی تو پانی دیتا ہی اور خون بہی دیتا ہی اوسمین وہ مرہم لگائی جس مین
زیرہ سفید ہی یا یہ مرہم لگائی **نسخہ** مین پہل سرخ گوند ببول لونگ پہول دا

که بهت کام کی هین اوسپر یه لیپ لگائی تو تحلیل هو جایگا اور اگر مواد قابل تحلیل کی نهوگا تو پک جایگا **نوع دیگر** اب اگی کچهی پهوڑیکا بیان هی **نسخه** تپی گلاب کے گلاب مین پیس کر اور گرم کرکی اوپر دنبل کی لگائی اور پان بنگله اوپر باندهی جبکه بجا ری تو اختیار هی **نسخه** گوند ببول کمیلا سرخ کچلا زهر ایک ایک توله ان سب کو پیس کر رکهی وقت حاجت پانی مین لت کرکی لگائی اور پان بنگله گرم کرکی باندهی **نسخه** تخم هلبه تخم کتان رائی بنارسی ایک ایک توله لیکی پیسکر رکهی وقت حاجت پانی مین لت کرکی لگائی اور پان بنگله اوپر باندهی **نسخه** فلفل سیاه چهه ماشه کلونجی چهه ماشه پهلی گهی گائیکا چار توله لی کی گرم کری بعده ان غون دوائیونکو ڈالی جبکه جل جائین تو لوهی کی دسته سی حل کری جبکه مثل مرهم کی هو تو اوپر اوسکی لگائی **نسخه** روغن تلخ پانچ توله فلفل سیاه چهه ماشه کمیله سرخ چهه ماشه برگ حنا سبز چهه ماشه برگ نیم چهه ماشه آمله خشک چهه ماشه توتیا چار ماشه ان سب کو اوس تیل مین جلاکر لوهی کی دسته سی حل کری اور لگائی

باب دوسرا بیان اور علاج زخم مین

پس جو کسی کی کهڑی تلوار سر پر پڑی اور هڈی تک اوتر جائی اور ضرب سی کئی ٹکڑی هوگئی هون تو سب ٹکڑون کو موافق اصل کی ملائی اور جو چڑا هو تو نکال ڈالی اور راوس سوراخ پر عرق گومه لگائی بعد اوسکی زخم کو ٹانک دی اور سینکنی کی دوائین یه هین **نسخه** آنبه هلدی میده لکڑی کنجد سیاه شکر سفید میدۀ گندم روغن زرد انکا حلوا بناکی سینکی اور اسی کو باندهی اور اگر تلوار آڑی پڑی اور کاسۀ سر جدا هو جائی تو دونون کو ملاکی باندهی اور اوسی سینکی اور مرهم لگائی **نسخه** سفیده کاشغری مردار سنگ حضض هندی رسکپور عقر قرحه گجراتی ایک ایک توله شنجرف چار ماشه ان سب کو پیس کر

ده لگائی یا یہ تیل بنا کی لگائی **نسخہ** دار ہلد زرد چوب مقشر دود خانہ گلخن افروز یعنی کر ہوان دو دو تولہ ان سب کو جدا جدا وزن کرکی جو کوب کری اور آب دریا یا آب باران مین بہگو دی صبح روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر ملائی اور نرم آنچ مین پکائی جب کہ پانی خشک ہو تو چہان کر رکہی اور پارچۂ کتان کہنہ کو اوس مین تر کرکی اوس زخم پر لگائی اگر پارچۂ کتان میسر نہ آوی تو ولایتی سوت تیل مین تر کرکی بہری اور لگائی اور خوب بندش کری اور غذا نہ دی فقط عرق نکو پلائی اور گومہ کا ساگ پکا کی کہلائی اور پرہیز کروای اور یہ خیال رکہی کہ پیپ بطور پانی کی ہو اور سیاہی نہو اور ایسی زخمی کو اوس جگہ رکہی جہان آواز کسی کی نہ آئی **نوع دیگر** اور جو تلوار ہاتہہ پر پڑی اور ہاتہہ کنگر پڑی اور عرصہ دو گہڑی کا ہو گیا ہو تو کیا درست ہوگا اور تہوڑی دیر ہوئی ہو اور ہڈی قلمی کٹی ہو تو ہاتہہ درست ہو جائیگا اور جو برابر کٹی ہو تو اوسی وقت علاج کری تو ہاتہہ اچہا ہو جائیگا اگر کچہہ بہی عرصہ ہو جائی اچہا نہوگا کیونکہ جب تک کٹا ہوا ہاتہہ گرم ہی تب تک علاج پذیر ہی اور جب سرد ہو گیا تو سوای تلنی کی کوئی علاج نہین ہی اور جو انگلیان تلوار سی کٹ جائین اور گر نہ پڑین ہون تو اچہی ہو جائین گی اور جو چوٹ سر پہ تلوار پڑی تو علاج اوس وقت صلاح پر موقوف ہی کیونکہ مقام فکر کا نہین ہی اگر کسی کی تلوار فوطی پر پڑی کہ بیضہ تک کٹ جائین تو مناسب ہی کہ اندر دو نکری ملا کر اوپر سی جلدی ٹانکی لگائی اور اس طرح باندہی کہ اندر سی بیضہ کا زخم ملا رہی اور اوسپر وہ روغن لگائی کہ جو انگریزون کی یہان لڑائی پر لگاتی ہین اور اگر وہ میسر نہ آئی تو پہر مجبوری کو روغن یودار یا روغن چہیونا لگائی اور چوٹ سی ناخون یا تک جس طرحکا زخم ہو اوسکا علاج اوسکی موافق کرنا چاہی اور

مقناطیس اسپر عاشق ہی اور اگر تیر باز نکل گیا ہو تو وہ علاج کری جو پہلی بیان کیا ہی کہ جس مین عرق بہنگرا ہی اور جو کسی کی تیر ران مین لگی تو یہ مقام بہی تیر کی رہ جانی کا ہی کیون کہ گوشت اور استخوان یہان کا گندہ ہی لازم ہی کہ یہان کی زخم کو نشتر سی چیر کر تیر نکالے کہ محل اندیشہ نہین ہی مگر ایک اندیشہ یہی کہ اگر زخم رہجا ہی تو عرصہ مین اچہا ہوتا ہی اور جہان زخم جوڑونکا پہلی بیان ہو چکا ہی ہو سطی زخم کو کشادہ کرکی تیر نکالی تو ہڈی کا حال معلوم ہو کہ کچہ ہڈی مین تو خلل نہین آیا اگر کچہ ہڈی مین خلل دریافت ہو تو کرچین نکال کر علاج کری اگر گہٹنی مین تیر لگی تو اوسکا بیان بہی یہی ہی اور ینی گہٹنی سی پاؤن تک زخم تیر کا کم دیکہا ہی اور کسی کی اگر لگی تو علاج اسی طور پر کری جو بیان ہوتا چلا آیا ہی خدا تعالی چاہی تو اچہا ہو جایگا **نوع دیگر بیان زخم گولی کا** اگر جو کسی کی گولی سر پر لگے اوسکی دو تفرقی ہی ایک تو یہ ہی کہ لگتی ہوئی چلی گئی اور ایک یہ ہی کہ دوری سی لگی ہو تو وہ سر کی جلد مین رہجاتی ہی اس سبب سے سر مین ورم ہو جاتا ہی اور لوگ ناقص العقل کہتی ہین کہ گولی سر کی اندر سی نکالی مگر حال اس طرح پر ہی کہ اگر گولی نزدیک سی لگی تو دونون جانب کے ہڈی کو توڑ کر نکل جاتی ہی اور جو اند کی فاصلہ سی لگی تو مغز کی اندر رہجاتی ہی اور نکالنی کی وقت حال زخمی کا دریافت کری کہ گولی نکالنی مین روح تو مفارقت نکری گی اگر ایسا دیکہی تو علاج نکری اگر جانی کہ زخمی متحمل ہوگا اور اقربا اوسکی راضی ہین تو نکالی اور سر کا حال بہی دیکہا اور سنا ہی اور زخم سر کا کم سینکتی ہین اور وقت علاج کی پہلی یہ مرہم لگائی کہ جلا ہوا گوشت نکل جائی نسخہ زنگار سبز ایک تولہ عسل خالص یہ کہ تند دو تولہ ان دواؤنکو ملاکر

پہاہا لگاوی یا تہوڑا مرہم لگادی مگر اجزا ولایتی ہون اور خوب کسکر باندہی بعد تین دن کی کہولی اور دیکہی کہ ہڈی جمی ہی یا نہین اگر جمگئی تو بہتر نہین تو اوسکو بہی نکال ڈالی یا جیسی صلاح وقت ہو ویسا کری اور خیال رکہی کہ زخم سفید اور سیاہی گرد زخم کی اور بو زخم مین تو نہین آتی اور پیپ پانی سی تو نہین نکلتی کسواسطی کہ جو یہ باتین ہون تو بڑا عیب ہی اور گولی کی ہر زخم پر وہ دوا لگائی کہ جو نسخہ سر کی زخم مین بیان کیا ہی اور وہ دوا کو لگائی کہ جس مین انڈی کی سفیدی ہی اوس دوا مین پرانی روئی کو ترکرکی لگائی اکثر یہ دوا تجربہ مین آئی ہی خدا تعالی چاہی تو اچہا ہو جایگا **نوع دیگر** اور جو کسی کی زہر کی بجہی ہوئی تلوار یا تیر یا کٹار لگی تو حال اوسکا یون دریافت ہوتا ہی کہ زخم تو اوپر بڑہتا جاتا ہی اور گوشت گلتا جاتا ہی اور بو آتی ہی اور روز بروز رنگ زخم کا برا ہوتا جاتا ہی اور خون و گوشت اوس جگہ کا سیاہ ہوتا ہی پس لازم ہی کہ پہلی تمام سیاہ گوشت زخم کا کاٹ ڈالی اگر خون جاری ہو تو دوا خون بند کرنی کی کہ اوپر بیان کی ہی لگائی اور دوسری دن گیرو پہٹکری نمک نیم گرم کرکی باندہی اور یہ مرہم لگائی **نسخہ** پہلی گہی گایکا آدہ پاؤ لیکر گرم کری اور موم ایک تولہ ڈالی جب کہ ملجائی بعدہ کمیلہ ایک تولہ رال سفید ایک تولہ رتن جوت ایک تولہ ملاکر ایک جوش خفیف دے اور اوتار کر سرد کری ایک پہاہا موافق زخم کی بناکر لگائی اگر کوئی کہی کہ یہ زہر باد ہی جواب دی کہ سچ ہی مگر حال یہ ہی کہ اوس مین پانی میلا سا نکلتا ہی اور اس مین مائل بہ سرخی نکلتا ہی کہ جسکو کچ لہو اکہتی ہین اور زخم زہر باد کا جلد بڑہتا ہی اور یہ عرصہ مین بڑہتا ہی اور زہر باد کا گوشت جلد گلتا ہی اور اسکا عرصہ مین اور زخم زہر باد مین آدمی جلد ہلاک ہوتا ہی اور اس مین دیر سی اور مریض

ایک ایک تولہ لیکر پانی مین پیسی اور پہایا بنا کر لگادی بعدہ ایک پان گرم کرکے باندہی اور سینکی اگر زخم ہاتہ کا سب اچہا ہوا اور پانی نکلنا موقوف نہوا تو زخم پر یہ تیزاب لگا کی کشادہ کری **نسخہ تیزاب** گندہک توتیا دو دو تولہ سوہاگہ زاج سفید نوسادر دو دو تولہ ان سب کو باریک پیس کر آدہ پاؤ دہی مین ملا کر ایک ہانڈی مین رکھی اور منہ چوپی کی مقطر کری وقت حاجت ایک قطرہ زخم پر لگادی شل غار کی وہ زخم ہو جایگا بعد اوسکی اوسی مرہم کو لگا تی خدای تعالی چاہی تو اچہا ہو جایگا

باب تیسرا علاج آتشک اور سوزاک مین

جان تو کہ یہہ عارضہ کئی قسم کا ہوتا ہی ایک صورت یہ ہے کہ کسی طوایف کے یہ عارضہ ہوتا ہی جو مرد کہ بسبب تقاضای جوانی تمیز نکر کی ساتہ اوسکی ہم بستر ہوتا ہی چنانچہ نقل مشہور ہی کہ جوانی دیوانی اور جب کہ وہ شخص یہ حرکت کر چکتا ہی تو چند روز کی بعد یہ مرض ظاہر ہوتا ہی یعنی ایک دانہ پہیر یا فوطی یا ڈنڈی پر برنگ زرد ظاہر ہوتا ہی اوس مین جلن ساتہ خارشت کی بہت ہوتی ہی اوسکو وہ شخص کہجلا ڈالتا ہی تو اس باعث وہ زخم بڑا ہو جاتا ہی تو نادانی سی وہ شخص اوس پر سنگجراحت یا کتہہ لگاتا ہی جبکہ زخم پیسہ برابر ہو جاتا ہی تب لوگون سی ظاہر کرتا ہی لوگ اوسکو دوا حقہ مین پینی کی دیتی ہین اوس سی یا منہ اگیا یا دست آئی اور کوئی کہانیکو دوہ بتاتا ہی اوس تین ہی دست اور منہ آتا ہی اگر وہ چند روز کی واسطی اچہا ہو گیا یا نہ اچہا ہوا مگر لازم ہی کہ کسی جراح دانا کو بلا کر علاج کروای اور جراح کو لازم ہی کہ اول دیکہے کہ زخم کتنا بڑا ہی مگر یہ زخم فقط دوا لگانی سی نہین اچہا ہوتا ہی اور علاج کی صورت یہ ہی کہ پہلی یہ مسہل دی **نسخہ مسہل** مغز حب السلاطین سوہاگہ چوکیا خام مویز منقی

قرنفل گلدار کہیں عدد قرنفل گردکہیں عدد اجواین خراسانی ایک ماشہ ان کو باریک پیس کر دودہ پر کی
ملائی مین لت کری اور نو گولیان بنائی اور ایک ایک گولی ہر روز کہلائی اور ترشی اور
بادی کا پرہیز کروائی اور اکثر یہ ہوتا ہی کہ بعد دو چار دن کی یہ عارضہ تو ہونی والا تہا
کہ یکایک آستر الینی مین زخم لگ گیا اور خیال کیا کہ یہ زخم استر کا ہی اوسپر دوائیان
لگاتین جبکہ اچہا نہوا تب تو کوئسی ظاہر کیا اگر وہ لوگ نادان ہین تو وہ دہو یا گہی لگانی
کو کہین گی اور جو دانا ہین اونہون نی کہا کہ جراح کو دکہلاؤ پس لازم ہی کہ جو جراح
علاج کری تو اس طور سی کری کہ پہلی زخم کو دیکہی کہ کناری اوسکی موٹی ہین اور اندر
زخم کی دانہ ہین اور وہ زخم جوڑ الگتا ہی اور مزاج مریض کو دیکہی کہ کیا ہی اوسکی مزاج کی موافق
دوا دی اگر مسہل لینی کی طاقت ہو تو دی نہین تو یہ دوا کہلائی نسخہ توتیا دو نیم ماشہ
ہلیلہ سیاہ یک و نیم تولہ کتہہ سفید دو تولہ فوفل سفید سات ماشہ ان دواؤنکو دو سیر
عرق لیمو مین حل کری جبکہ خشک ہو تب کنار دشتی کی برابر گولیان بناکر ایک گولی
صبح ایک شام کو کہلائی ترشی اور بادی اور شیرینی کا پرہیز کروائی باقی جو مزاج
مین آوی کہلاوی اگر پانچ سات دن مین فایدہ ہوا تو بہتر ہی نہین تو یہ دوا
کہلائی نسخہ اجواین خراسانی سات ماشہ فلفل سیاہ سوا ماشہ کنجد سیلہ چہہ ماشہ
جمال گوٹہ تین ماشہ قند سیاہ کہنہ یک و نیم تولہ ان سب کو تین روز تک خوب گہوٹی
بعدہ برابر کنار دشتی کی گولیان بناکر رکہی اور ایک گولی دہی کی ملائی مین لپیٹ
کی کہلائی دال مونگ کدو شیرین نہ کہائی مگر اوس دوا کی کہانی سی ایک دو دست آیا
کرین گی اگر قی ہو تو کچہہ ڈر نہین ہی کیونکہ یہ مرض بغیر مواد نکلی اچہا دیر مین ہوتا ہی
اسلیے ایسی دوا اسکو ضروری اکثر دیکہا ہی کہ اس عارضہ سی حال بدن کا یہ

اسی عارضہ مین دوائی مگر بالکل اچھی نہوئی کہ دوا کرنی سی باز رہین لیکن مینی اتنا
دیکھا ہی کہ اس عارضہ کی سبب سی کتنی عارضہ ہوتی ہین ایک یہ کہ بدن بگڑ جاتا ہی
کہ جسکو جزام کہتی ہین دوسری بدن سفید ہو جاتا ہی اور ناک بھی گلجاتی ہی اکثر لوگون
کی ہاتہ اور پاؤن رہ جاتی ہین کہ جسکو گٹھیا کہتی ہین اور یہ عارضہ شاید آگی تہا کسو سطی
کہ حکیم اسکی دوا نہین کرتی اگر کرتی ہین تو اچھا نہین ہوتا ہی اور جرّاح جو علاج
کرتا ہی تو جلد اچھا ہو جاتا ہی اور ایک باعث یہ ہی کہ یہ عارضہ خود گرم ہی سرد
دوا دینی سی اچھا نہین ہوتا یہ حال معلوم نہین کہ یہ کیا بلا ہی واللہ اعلم بالصواب اور اکثر
ڈاکٹر صاحبون نی ذکر کیا تہا کہ یہ عارضہ بلغم سی ہوتا ہی اور ظاہر مین دریافت ہوا کہ
اکثر اس عارضہ والہ کی بدن مین چھوٹی چھوٹی پھوڑی یا دانہ رطوبت دار ہوتی ہین
اور اگر کسی کو یہ عارضہ لاحق ہوا اور دوا کھانی سی جاتا رہا مگر دو چار برس کی بعد طاقت
جسم کی کم ہونی سی کچھ خلل پھر ہوتا ہی اوسکی سبب سی زخم تازہ پھر ہو جاتا ہی پس
اسکا علاج جو اوپر بیان کیا ہی وہ کری یا یہ دوا کری **نسخہ** توتیا بریان مردار سنگ
سفیدہ کاشغری کتھہ سفید زاج سفید چار چار ماشہ ان سب دواؤنکو عرق لیمون مین
ڈال کر کاہی مین نیم کی خشک سونٹی سی حل کری جبکہ خشک ہو تو برابر نخود کی گولیان
بناوی ایک گولی صبح ایک گولی شام کھلائی اور ترشی اور بادی کا پرہیز کری
اگر اس سی فایدہ نہو تو اسطرحکی دوا دی کہ خفیف منہ آئی اور اگر منہ آنی سی درد اعضا
جاتا رہی تو بہتر ہی نہین تو ایسی دوا دی کہ جس مین منہ کثرت سی آتی اور جسم
کو ان دوائیونکا بپھارا دی **نسخہ** بیخ زر کل رام سر تخم سویا اجواین خراسانی صابون
برگ نرما برگ شہتوت چار چار عدد انسبکو برابر وزن جوش کرے اور بپھارا دیے

ایک تولہ ان سب کو پیسکر دساوری پان کی عرق مین لت کری اور گولیان
برابر نخود کی بنائی وقت صبح ایک گولی کہلای اور غذا چنے کی روٹی اور گہی دی
اکیس دن یہی گولی اور یہ غذا دی اور کچہ نہ کہلائی اور جو فایدہ نہو تو یہ دوا دیے
نسخہ رسکپور شنگرف قرنفل سوہاگہ چوکیا ایک ایک تولہ سکو باریک پیسکر سات
پڑیان بنائی وقت صبح ایک پڑیا ملائی مین لپیٹ کر کہلائی اور غذا دودہ اور روٹی
یا شیر برنج کہلائی باقی سب چیز کا پرہیز کری اور اگر کسی کی دہبی سیاہ یا سرخ
تمام بدن مین پڑجائین یا تمام بدن نیلگون ہوگیا ہو تو اوسکا علاج یہ ہی کہ پہلی
مسہل دی مگر اول تین دن کہچڑی مونگ کی کہلائی بعدہ یہ مسہل دی نسخہ
سیاہ دانہ نو ماشہ نیم پختہ کرکی باریک پیسی برابر اوسکی شکر خام ملا کر تین پوڑیان
بنائی ایک پوڑیا صبحکو گرم پانی کی ساتہ پلائی وقت پیاس لگنی کی ہی گرم پانی
پلائی شام کو کہچڑی اور اچار بنہ تیل کا کہلائی اور جو کسی کی منہ کی اندر سوراخ
وار یا ر پڑگیا ہو یا کوا نصف گل گیا ہو تو اوسکا بہی علاج جو اوپر بیان کیا ہی ویسا
کری اگر کوئی اس عارضہ کی ہونیکا انکار کری تو پہلی اوسکا یون کری کہ جس مین
نہ منہ آئی نہ دست جبکہ کچہ فایدہ معلوم ہو تو کہی کہ اگر مسہل تمکو ہوگا تو جلد اچہا
ہوجایگا اور اگر فایدہ ہونی پر بہی منظور نکری تو دوا کہلائی جائی کہ بندرہ دن کی
بعد اچہا ہوگا مگر دو چار مہینی کی بعد خلل پہر ہوگا اور اگر موافق کہنی کی علاج کری
کامل اچہا ہوگا پس اگر منظور کری تو یہ مسہل دی نسخہ مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ
کہوپرا کہنہ خرما کہنہ کشمش کہنہ مغز جمال گوٹہ مقشر ان سب کو برابر وزن لی کی پانی
مین پیسی اور گولیان برابر بیر جنگلی کے بنائی اور تین دن پہلی کہچڑی اور ہر ایک پاپلاوز

چہہ ماشہ تخم قرتم دو تولہ سقمونیا چہہ ماشہ آملہ خشک تولہ بہر سناکی دو تولہ بسفائج ایک
تولہ ہلیلہ کابلی زرد ایک تولہ ان سب کو پیس کر چہان کر پانی مین گولیان جنگلی
بیر کی برابر بنا کر کہلائی بعد دوپہر کی آب مونگ دی اور شام کو کہچڑی مونگ اسیطور سی
تین مسہل دی بعد اوسکی اگر اون دواؤنسی فایدہ ہو تو بہتر نہین تو عرق یہ پلاسیئے

نسخہ عرق فساد خون سبب آتشک بادیان سبز پاؤ آتار گاؤزبان خشک
پاؤ آتار ہلیلہ سیاہ پاؤ آتار سناکی پاؤ آتار باوبرنگ پاؤ آتار چرائیتہ پاؤ آتار سر پہوکہ
پاؤ آتار زیرہ سینک پاؤ آتار برم ڈنڈی پاؤ آتار چہکنی پاؤ آتار فوفل کہنہ آدہ سیر
آملہ خشک آدہ سیر تخم بکاین آدہ سیر تخم جامن آدہ سیر چہلی ببول آدہ سیر منڈی
آدہ سیر پوست کچنال آدہ سیر پوست خیار شنبر پاؤ آتار صندل سرخ پاؤ آتار برگ حنا
پاؤ آتار برگ جہاؤ پاؤ آتار ان سب کو جو کوب کر کی آب دریا مین بارہ پہر بہگو رکہے
بعدہ عرق نکالی صبح کو پانچ تولہ عرق اور ایک تولہ شہد ملا کی پلائی اگر بدن
بگڑی ہوی کو تین چار برس کا عرصہ نہ گذرا ہوگا تو انشاء اللہ تعالی اچہا
ہو جایگا اگر اس عرق کو چالیس دن پلائی اور جو ان دواؤنسی کچہ بہی فایدہ نہو تو پہر
لاچار ہو کی آخر کی درجی مین یہ دوا کہلائی نسخہ ایک غوک کلان یعنی مینڈک دریائی
گوشت بز پاؤ بہر ان دونو کو پکا کی کہلائی مگر مسلمانکو ایسی دوا کہلانا لازم نہین کیونکہ
پاس ایمان ضروری ہی اور پیٹ کی واسطی یا نام کی واسطی جو لوگ کرتی ہین ایمان کا ضرر
ہوتا ہی اور مریض کا بہلا نہین ہوتا اور جو کسی عورت کو یہ عارضہ ہو کی جاتا رہا ہو اور
اس عرصہ مین حمل رہ گیا ہو اور پہر اوس عارضہ نی زور کیا ہو تو مشکل سی جایگا
کیونکہ اقربا اوس عورت کی یہ فرمایش کرتی ہین کہ حمل بہی قایم رہی اور عارضہ بہی

بیان سوزاک کا

ہوجائی تواوسکا سبب یہ ہی کہ شب کو سوتی مین نہانیکی احتیاج ہونیکی وقت آنکہہ کہل جاتی ہی اورمنی نکلنی مین رک جاتی ہی اس سبب سی ہوجاتا ہی اوسکو یہ دوا پلائی **نسخہ سوزاک** تخم کتان دو تولہ لی کی رات کو بہگو دی صبح کو آدہ سیر پانی مین لعاب اوسکا خوب نکالی اورچہان کرکچی شکر ایک تولہ ملاکی پلائی اور پرہیز مرچ سرخ اور ترشی کا ضروری ہی اور یہ عارضہ اس طورسی بہی ہوتا ہی کہ پہلی کسی طوایف کی پاس رہی تو اوسوقت یہ نہین معلوم ہوتا کہ اسی سوزاک ہی یا نہین ہی جوقت جسم اندرگیا تو یہ معلوم ہوتا ہی کہ جیسی کسی اعضا پر بہوبہل آن پڑتی ہی اگراوسوقت بہی نکال لی تو بہی بہتر ہی اور جو اوسوقت نہ سمجہا اگرایک مرتبہ بہی کیا تو خیر بہتر ہی نہین تو دو یا تین روز کی بعد پیشاب نہین ہوتا اور مشکل سی تہوڑا تہوڑا ہوتا ہی اوراوسکا سبب یہ ہی کہ اوس عورت کو سوزاک ہوتا ہی اور عورت کی سوزاک کا حال آگی چلکی بیان ہوگا انشاءاللہ تعالی اورپہر آخر کو پیپ نکلتی ہی اگر پیپ رنگ سفید مایل بزردی ہو تو یہ نسخہ دی **نسخہ سوزاک** تخم سرس ایک تولہ مغز تخم کپاس ایک تولہ مغز تخم بکاین ایکتولہ ان چیزون کو پیس کر برگد کی دودہ مین ترکی گولیان برابر چہوٹی بیرکی بنائی ایک گولی صبح کو چار گہڑی کرکی کہلائی اوپر اوسکی پاؤبہر دودہ گای کا پیی اور ترشی اور بادی کہائی جو پیپ مائل بسرخی ہو تو یہ دوادی **نسخہ سوزاک** کباب چینی چہہ ماشہ دارچینی قلمی چہہ ماشہ گل گلاب چہہ ماشہ سنگ جراحت چہہ ماشہ موصلی سفید چہہ ماشہ اسکندناگوری چہہ ماشہ ان سب کو باریک پیس کر ایک تولہ ہر روزہ کہلای اور گائیکا دودہ پاؤبہر پلائی اگر کچہہ بہی فایدہ معلوم ہو تو اکیس دن کہلائی اور پرہیز ترشی اور بادی اور مرچ کا کری اور سوزاک ہوجانیکی صورت اور بہی ہی کہ بعضی لگ چند عرصہ مین

تخم تال مکہانا ایک تولہ ان دونون چیزون کو پیس کر شکر خام ملا کر برابر ایک کف دست
کہائی اور پاؤ تازہ دودہ گایکا پلائی اور کوئی شخص رنڈیکی پاس اسطرح رہی کہ ملاقات
سی پہلی پیتی ہمساس کری جبکہ سب بات سی فراغت کر چکی تو پیشاب کر کی بزدیک
ملکی سو رہی اور جب ملاقات کری تب یون ہین کری تو سوزاک نہوگا اگر بر تقدیر
ہو جائی تو یہ جانی کہ اس رنڈیکو سوزاک تہا تو پہلی اوسکی واسطی اندری جلاب دے
نسخہ جلاب اندری کباب چینی ایک تولہ شورا قلمی ایک تولہ زاج سفید
ایک تولہ زیرہ سفید ایک تولہ الایچی گجراتی ایک تولہ ان سب کو پیس کر چہان کر
رکہی وقت صبح کی چہہ ماشہ لی کر کہلائی اور اوپر اوسکی سیر بہر گای کی دودہ مین
چار سیر پانی تازہ ملا کی تہوڑا پلاے پہر جب پیشاب کر کی آئی تو پہر اوسکو یہی اسطور سی
جب سب ہو چکی تو مونگ کی دال مقشر اور خشکہ یا روٹی کہلائی ایک روز تو یہ دوا
دی دوسری دن یہ دوا پلائی **نسخہ** خارخسک چہہ ماشہ مہندی چہہ ماشہ ان کو
بہگو دی صبح کو ملا کر چہانکر پلائی اور وہی غذا دی اگر فایدہ نہو یا کچہہ فایدہ ہو پہر صورت
اسکی بعد وہ دوا دی جس مین کتیرا ہی اور بعضی آدمی کو یہ عارضہ یون بہی ہوتا ہے
کہ عورت حایضہ تہی اور ملاقات کی تو عارضہ ہو جاتا ہی اگر مرد کا مزاج غالب ہے
تو یہ عارضہ نہوگا اور جو عورت کا مزاج غالب ہی تو جلد ہو جایگا اور اگر اس سبب سے
یہ عارضہ ہو تو یہ دوا کری **نسخہ سوزاک** پہلی بہیدانہ تین ماشہ شب کو بہگو دی
صبحکو لعاب نکال کی گاتی کا دودہ سوا سیر ملای بعدہ سنگ جراحت دو ماشہ
اسبغول چہہ ماشہ پہلی پہانک لی اوپر سی وہ پی لی بعد دوپہر کی یہ غذا کہائی
دال مونگ اور روٹی اور یہ عارضہ سوزاک کا اس طور سی بہی ہوتا ہی کہ کسی طوایف

باب چوتہا بیان علاج متفرقات مین اور اس باب مین چار فصلین ہین فصل پہلی بیان وجع مفاصل مین

اور صورت اوسکی کئی سبب سی ہوتی ہی ایک وجہ یہ ہی کہ کسی شخص کو بخار آتی اور اوسکی واسطے پاشویا کیا جائی اور اتفاقاً ہوا لگ جائی تو پاؤن مین درد ہوتا ہی اوٹہنی بیٹہنے مین فرق آجاتا ہی تو اسکی واسطی وہ تیل لگاتی ہین جو اکثر جا شہر مین بکتا ہی مگر بخار ہو جب تیل کی مالش کری اور عورتونکی اضطرابی سی حکیم عاجز ہوتی ہین تو وہ روغن گل یا روغن بابونہ بتاتی ہین اور بخار بہی ہو اور تیل کی مالش بہی ہو تو اکثر ورم ہو جاتا ہی تو لازم یہ ہی کہ جو کچہ عارضہ ہو وہ سب جاتا رہی فقط یہی باقی ہو تو اوسکی واسطے اس تیل کی مالش کری

نسخہ وجع مفاصل ترکیب روغن سے پہلے چالیس انڈون کو جوش کری اور اونکی زردی نکال لے اور سفیدی دور کری عقرقرا گجراتی ایک تولہ دارچینی ایک تولہ مال کنگنی ایک تولہ قرنفل ایک تولہ سمندر کہار ایک تولہ اسکو پیسکر ایک ہانڈی مین نیچی سوراخ کرکی نیچی وہی زردی رکہی اور اوپر اوسکی دو تولہ تیل چہڑک دی اور گڑہا کہود کی رکہی اور ایک پیالہ اوسکی نیچی رکہی اور اوسکی اوپر اوپلی جوڑ کر آگ لگائی جبکہ اوس پیالہ مین تیل آئی تو پاؤن مین مالش کری اور پرہیز کری کہ ہوا نہ لگی خدا چاہی تو اچہا ہو جائیگا اور جلاب وقت مین خشک دوا ملنی ہی کی تجویز ہو تو یہ ہی

نسخہ ادویہ خشک برگ ببول خشک دو تولہ برگ المتاس خشک برگ سہجنا خشک دو دو تولہ تخم سویا اجواین خراسانی سورنجان تلخ گیرو نمک لاہوری چہ چہ ماشہ اسکو پیسکر چہانکر مالش کری اور پرہیز ضروری ہی نوع دیگر اور یہ عارضہ وجع مفاصل کا اسطرح بہی ہوتا ہی کہ کوئی شخص سفر مین ہو اور

درجہ ہاتہ اور پاؤن پہیلنی اور سمٹنی مین کمی کرنی لگتی ہین تو اوسکی واسطی اولیٰ ایک روز کہلای اور اس تیل کی مالش کری **نسخہ روغن برای وجع مفاصل وہر درد اعضا** مال کنگنی دو تولہ کایپھل ایک تولہ بچمان زنجبیل بہتراجوز بویہ عقرقرا اگجراتی قرنفل زردچوب گول سمندر کہار کجلا زہر مغز بادام گری کرنج زنجبیل سرموری کاپیچن عرق دہتورہ عرق مدار عرق پوست سہجنا عرق گومہ عرق مکو سبز عرق پوست املی بہنگرا ایک ایک تولہ روغن تلخ پندرہ تولہ روغن کنجد سیاہ پندرہ تولہ روغن رینڈہی پانچ تولہ انسبکو ملاکی جوش کری جبکہ اجزا جلنی پر آئین تو چہانکر رکہی اور استعمال مین لاتی برتقدیر اس سی فایدہ نہو تو پہر یہ تیل لگای **نسخہ روغن برای وجع مفاصل وہر درد** پہلی روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر لیکی گرم کری بعدہ موم سفید بطکی چربی ایک ایک تولہ مال کنگنی دو تولہ سنبل سفید چہ ماشہ انسبکو ایک جوش خفیف دیکی اور آگ سی جدا کرکی خوب حل کری اور پہر اسکی مالش کری اور پرہیز یہ ہی مونگ کی دال مقشر یا قلیہ روٹی سوا اسکی اور کچہ نہین اور جو آتشک کی سبب سی اس طرح کا حال ہو تو اوسکی لئی بہی اسی صورتسی علاج کریے اور اس مقدمہ مین بہی پہر پہلی جلاب ہی بعدہ مالش ہی اور کہانیکی دوا بہی ویسی ہو اور پرہیز بہی وہی چاہیی جو بیان ہوتا جاتا ہی اور کسی کی ہاتہ اور پاؤن یا کمر مین درد ہو تو یہ دوا کری **نسخہ روغن برای وجع مفاصل وباد** شراب دو سیر کوٹ نج دو تولہ ایلیخہ چار ماشہ قرنفل دو ماشہ فلفل سیاہ پانچ ماشہ جایپھل ایک ماشہ آب دریا ایک آثار ان سبکو جو کوب کرکی ملاکی بہگو دی اور جوش کری جب پکنی لگی تو روغن تلخ ایک آثار ملای اور نرم آنچ مین جوش دی جب

تو اوسکی اخرابہتر نہین ملتی بر تقدیر جو دوائیان رایج الوقت پیدا کین تو لوگ یہہ
کہتی ہین کہ ہمکو پہلی نمونی کی واسطی دو اگر فایدہ معلوم ہوگا تو پہر امیرون سے
کہین گی اور وہ امیر بادشاہ سی تعریف کرینگی تو کمال تمہارا روشن ہوجائیگا
اور مرتبہ بہی بڑہیگا جو بسبب مروت کی دیا تو کبہی صورت نہین دکہاتی کہ حال
اوسکا معلوم ہو کہ اچہا بنا یا برا بنا اور جو کہین راہ مین مل گئی تو کہا مین اونکا اسواسطے
نہین آیا کہ کچہ فایدہ خاطر خواہ ثابت نہین ہوا اگر بندہ کو دو چار نسخہ ڈانگڈر صاحب
کی زبانی معلوم ہوتی تہی وہ اس مین لکہہ دیتی ہین پہلی جاننا چاہیئی کہ باہ کی کم ہوجانے
کی صورت کئی طرح پر ہی اور اکثر لوگونکا حال یہ ہی کہ کوئی شخص ہاتہہ سی زنخ لگاکی باہ
کہو دیتا ہی اور ہاتہہ سی کرنی مین بہی فرق ہی ایک یہ کہ جاڑی کی دنون مین شب
کی وقت یہ کام کرتی ہین تو بہی کچہ آسایش ہی اور اوسکی دوا ہوسکتی ہی اور بعضی آدمی
کیا کرتی ہین کہ جا ضرور رہین یا کسی میدان مین یہ حرکت کرتی ہین ایک کم نخچی تو
وہ ہوئی تہی دوسری پانی سی دہوتی ہین گرم رگین اور سرد پانی پر جو ہوا لگتی ہے
تو رگ پٹہا غارت ہوجاتا ہی اور پہر اوس امر کو بعضی لوگ ہر روز کرتی ہین اور
بعضی آٹہوین نوین کرتی ہین جب تک جوش جوانی دو چار برس زیادہ ہے
تو اسی کو کئی جاتی ہین باز نہین آتی اور آخر کو محتاج باہ ہوجاتی ہین اور ایک سی
دوا پوچہتی پہرتی ہین پس اس عارضہ کی لئی دو سینکنی کی یہ دی نسخہ سینک
برای قوت باہ برادہ دندان فیل برادہ دندان ماہی ایک ایک تولہ قرنفل
آٹہہ ماشہ جوز گجراتی دو عدد بیخ نرگس ایک عدد انسبکو باریک کرکی دو پوٹلیان بنائی
آدہ پاؤ دودہ بہینسٹہ کا لیکی اوسپر سینکنا شروع کری تمام پٹہ پر وا اور تمام رانین

کام کا نہین رہتا اور باہ مین بہی فرق آجاتا ہی تو کسی حکیم سی یا جراح سی یا کسی اور
غیر سی یہ کہتا ہی کہ میری اس عارضہ کی دوا کرو اور جو کوئی دوا کری تو بڑا نادان ہی اسی
کس لئی جبکہ اوس شخص کو شہوت ہو گی تو پہر وہ لونڈی کی خواہش کریگا اچانا
اگر کوئی اوستاد اوسکی دوا کری تو پہلی اوس فعل بد سی توبہ کروائی پہر وہ دوا
کری کہ جسمین کہال جاتی رہی اور دوا یہ ہی **نسخہ تئی پوست مال** زہر سنکہیا
جمالگوٹہ کنجد سیاہ دودہ مدار کا ایک ایک ماشہ اسکو باریک پیسکر قدری پانی مین
لت کرکی ضماد کری اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی جبکہ آبلہ پڑ جائی تو گہی دہو کر لگائی
اور اگر اس دوا کو منظور نکری تو یہ دوا کری **نسخہ روغن قوت باہ** بیر بہوٹی
عقرقرہ خراطین خشک مقشر ناخون اسپ جوان کلیجن ست پر ایک ایک تولہ اسکو
جو کوب کرکی ایک آتشی شیشی مین بہر کر تیل نکال کر ایک قطرہ آدہ پر جسم کی لگائی
اور بنگلہ پان گرم کرکی باندہی جبکہ فائدہ ہو تو چالیس دن تک کوئی بات نکری تو اچہا
ہو جائیگا اور جو کسی شخص نی لڑکپن مین گانڈ مرائی ہو اور جبکہ سن تمیز کو پہنچا اور
دل مین خواہش یہ آئی اور کسی داناسی یا کسی استادسی کہی تو پہلی توبہ کری بعدہ
دوا کروائی اور دوا ہی جب کارگر ہو گی کہ اپنی آلت کو ملا ہو اپنی ہاتہ سی یا کسی اور شخص
کی ہاتہ سی ملوایا ہو تو دوا نا حق ہی اچہا ہونا مشکل ہی اور جو کسیکی دل مین غیرت
دامنگیر ہو تو کسی اوستاد کی منت سماجت بہت سی کری اور اوس فعل بد سی توبہ
کری تو وہ علاج اسطرحسی کری کہ پہلی سینک کی دوا سی تمام پیڑو اور ران اور
جسم کو سینکی مگر وہ دوا جو پہلی بیان ہوئی ہی جسمین دندان فیل ہی بعدہ یہ دوا
کہلائی **نسخہ قوت باہ** میدہ گندم پانچ تولہ آرد نخود مقشر سات تولہ پہلی ان

نسخہ برای قوت باہ

نسخہ طلا برای قوت باہ

باہ عقرقرہ پوست بیخ کنیر سفید مالنگنی سوہن مکہی روغن گنجد سیاہ شنگرف
ہرتال طبقی گہونگچی سفید تخم ترب تخم شلغم بیر بہوٹی کباب چینی اورچربی شیر ایک ایک تولہ
تلخہ کا وایک عدد انسبکو جو کوب کرکی شیشہ آتشی مین رکہہ کی تیل نکالی اور سونے کے
وقت ایک قطرہ جسم پر لگائی اوپر پان بنگلہ گرم کرکی باندہی اسکو ایک ہفتہ پیہم لگانے
اور پرہیز کری پہر دریافت کری کہ اوسمین انتشار کی صورت پیدا ہوئی یا نہین اور جو خفیف
سی بہی ہو تو پہر اکیس دن تک لگاتی اور اگر اس دواسی فایدہ نہو تو پہر استاد کو لازم ہے
کہ پہلی وہ دوا لگاتی کہ جسمین دانہ پڑجاتی ہین اور وہ دوا یہ ہی **نسخہ ضماد برای**
قوت باہ عقرقرہ قرنفل جند بیدستر خراطین مقشر ایک ایک تولہ بیر بہوٹی مردارسنگ
چار چار ماشہ تلخہ ماہی دہ ہد چار عدد شنگرف جمال گوٹہ چار چار ماشہ چربی نرگاو تین تولہ
موم خام دو تولہ پارہ ایک تولہ انسبکو حل کری جبکہ یہ سب ادویہ مثل مرہم ہوجاوین
تو رکہہ چہوڑی وقت شبکی اوسکی موافق لیکی گرم کرکی لگائی اوپر پان بنگلہ گرم کرکی
باندہی اور پانی کی احتیاط کری بعدہ دوا یہ کری **نسخہ طلا برای قوت باہ**
پوست بیخ دہتورہ پوست بیخ کنیر سفید پوست بیخ مدار عقرقرہ گجراتی بیر بہوٹی
دودہ گاۓ کا ایک ایک تولہ انسبکو پیسکر ملاکر روغن گنجد سیاہ دو تولہ مین جلاکر
چہان رکہی اور لگائی اوپر پان بنگلہ گرم کرکی باندہی اور احتیاط پانی کی کری اور
پرہیز بہی ہو اور کبہی ایسا اتفاق ہوتا ہی کہ طوایفون مین کوئی رنڈی فربہ
ہوتی ہی یا کوئی مرد یہ حرکت کرتا ہی کہ عورت اوپر ہو اور مرد نیچے یا جماع کی وقت
رنڈی کو گود مین اوٹہا کر کہڑا ہو جاتا ہی اور جسم اندر ہوتا ہے تو یہ بڑی نادانی ہے
کیونکہ اسمقام مین ہڈی نہین ہی اور لوگ کیا سمجہکر یہ واہیات کرتی ہین اور ایسی

توکئی صورت پر ہوتا ہی ایک تو یہ کہ اوسکا تمام جسم برابر ہوتا ہی تو اوسکو صندلی
خوجہ سرا کہتی ہین دوسری حقیقت یہ ہی کہ اوسکی کچہ جسم ہوتا ہی اوسکو بادامی
کہتی ہین مگر اوسکو قدری باہ ہوتی ہی اور اوسکی اولاد ہی کبھی ہوتی ہی پر اوسکو کوئی
مرد نہین کہتا خوجہ کہتی ہین اور تیسری طرح یہ ہی کہ کسیکی یہ عضو ہوتا ہی مگر اوسکو
کچہ حرکت نہین ہوتی تو اوسکا علاج نہین ہی اور اگر کسی کی جسم کو حرکت پیشاب
کی وقت ہوتی ہو تو اوسکا علاج یون کرنا کہ پہلی سینکنی کی دوا کری بہت عرصہ
تک وہ یہ ہی **نسخہ سینک برای قوت باہ** بیر بہوٹی نو خراطین خشک
اسگند ناگوری زرد چوب آنبہ ہلدی نخود بریان چہ چہ ماشہ ان سبکو باریک
کرکی روغن گل مین چرب کرکی دو پوٹلیان بناکر کسی برتن مین رکہہ کر آگ پر رکہی اور
تمام رانین اور پیٹر و خوب سینکی بعدہ یہ دوا اوس عضو پر باندہی **نسخہ دیگر برای
قوت باہ** عقر قرہ بیر بہوٹی سرخ دو دو ماشہ قرنفل بیس عدد گوشت گردن
گوسفند نر دس تولہ ان سبکو باریک کرکی موافق اوس جسم کی کباب بناکر پکا کر
درمیان سی چیر کر اوس جسم پر باندہی اور پانی کی احتیاط کری جبکہ اوس دوا سے
کچہ فایدہ ہو تو پہر یہ دوا دی **نسخہ روغن طلا برای قوت باہ** چربی شیر
مال کنگنی عقر قرہ بیر بہوٹی زنجبیل بیترا جاوتری زہر کچلا سلیخہ قلمی لوبان کوڑیا
قرنفل زہر تلیہ ہرتال طبقی جمالگوٹہ پارہ نیلگون برادہ دندان فیل گندہک آملہ سار
بادنجان صحرائی کہنگچی سفید خراطین خشک جوز گجراتی بیخ کیہ سفید اجواین خراسانی
کرہوان تخم پیاض سفید اسپند سوختنی سنبل سفید مغز تخم رینڈی کالازیری ایک ایک تولہ
زردی بیضہ مرغ پانچ عدد ان سبکو کوٹ کر ایک شیشی آتشی مین بہر کر ساتہ ترکیب کے

اور جو منی پتلی ہونی سی باہ کم ہو گئی ہو تو یہ دوا کہلائی **نسخہ قوت باہ و دفع جریان** تال مکہانا آدہ پاؤ اسبغول مسلم برگد کی دودہ مین تر کری اور سایہ مین خشک کری اور خرمی چالیس لیکے خالی کر کی یہ دوا اوسمین بہر دی موافق اونکی گائیکا دودہ ایک آثار لیکر پکائی جبکہ دودہ قدری رہجائی تو رکہہ چہوڑی ایک خرما ہر روز صبحکو کہلائی اور غذا دودہ اور روٹی دی اور دوپہر کی وقت جو چاہی وہ کہائی اور لگانیکی دوا یہ ہی **نسخہ طلا برای قوت باہ** عقرقرہ دکہنی قرنفل گلدار بیر بہوٹی جدوار خطائی خراطین خشک ایک ایک تولہ انسبکو روغن گل یا روغن کنجد سیاہ پاؤ آثار لیکی اوسمین وہ اجزا ملاکر ایک ہانڈی گلی مین رکہہ کے منہ اوسکا بند کر کی چولہہ کی اندر گڑہا کہود کر اوس ہانڈی کو گڑہی مین رکہہ کر پوشیدہ کر دی اور آگ آٹہہ پہر سات دن تک برابر اوسپر جلا کری بعد ہفتہ بہر کے نکال کر ایک قطرہ اوپر جسم کی خوب ملی اور پان بنگلہ گرم کر کی باندہی اور پرہیز کری **فصل تیسری جریان مین** آگاہ ہو کہ یہ عارضہ کسیکو سوزاک کی سبب سی یا آتشک کی سبب سی ہوتا ہی تو علاج سی کم ہو جاتا ہی مگر جاتا نہین ہے **نسخہ جریان سبب سوزاک** مغز تخم خربوزہ تین تولہ مغز تخم خیار ڈیڑہ تولہ مغز تخم کدو کا کنج بذرالبنج طباشیر کبود تخم سپند تخم خرفہ سیاہ نشاستہ مغز تخم بادام کتیرا سفید رب السوس خشخاش گل ارمنی تخم کرفس سات سات ماشہ انسبکو بارییک پیسکر چہانکر سات ماشہ بہیدانہ کی لعاب مین لت کر کی بنیدق یعنی ٹکیہ بنا کر رکہہ چہوڑی اور شبکو خارخسک کشنیز خشک چہہ چہہ ماشہ بہگو دی صبحکو آب لال لیکے پہلی ایک بنیدق کہلائی اور اوپر سی وہ دودہ پلائی بر تقدیر اس سی فایدہ نہو تو

کرکی شکر خام نصف وزن ملاکر صبح کو ایک تولہ دودہ کی ساتہ کہلاوی اور جو صفرا
سودا ملا ہوا ہو اور خون کی زیادتی ہو تو فصد باسلیق کی لی بعدہ اندری جلاب دی
پہر بعد اسکی یہ دوا دی **نسخہ جریان سبب سوزاک** آرد ماش مقشر نیم آثار
میدہ خستہ تمر ہندی نیم آثار سنگجراحت تین تولہ انسبکو کوٹ کر چہانکر کچی شکر
تین پاؤ ملاکر پانچ تولہ صبحکو ہر روز کہلائی اور دودہ گائیکا پاؤ بہر آدہ سیر پلائی ترشی
نکہاتی اگر اس دواسی فایدہ خاطر خواہ نہو تو پہر یہ دوا دی **نسخہ جریان سبب
سوزاک** آرد نخود خستہ پاؤ آثار کباب چینی ایک تولہ شکر تیغال چہہ ماشہ زیرہ سفید
چہہ ماشہ انسبکو پیسکر شکر خام تین تولہ ملائی ہر روز چار تولہ صبحکو کہلائی اور دودہ
گائیکا پاؤ بہر پلائی اور پرہیز کراتی **نوع دیگر بیان جریان سبب
آتشک** اور جو عارضہ جریان کا آتشک کی سبب سی ہو تو دریافت کرنیکی
علامت یہ ہی اول تو نیاضہ کی منہ پر زخم خفیف سا ہوتا ہی اور منی تپلی ہو کر مایل
بسرخی نکلتی ہی کیونکہ ایک تو گرمی مزاجکی اور دوسری گرمی آتشک کی اور تیسری
گرمی اوس دوا کی جو پہلی شاید کہائی ہو اور جو زیادتی خون کی اور صفرے کی
ہوتی ہی تو اس سبب سی بہی منی سرخی مایل نکلتی ہی تو اوسکی واسطی دوا یہ ہے
نسخہ جریان سبب آتشک عقرقرا گل فوفل موصلی سفید بہمن پہلی
اندرجو شیرین خارخسک کلان ست گلو تخم کوانچ تخم انگن اجواین اجمود کباب چینی
کلیجن سعد ریحان شیرین ثعلب مصری شقاقل مصری تخم کتان ستاور توا کہیر دم الاخوین
دانہ ہیل ایک ایک تولہ انسبکو باریک کرکی شکر سات تولہ ملائی ایک تولہ ہر روز
کہلائی اور دودہ گائیکا پاؤ آثار یا پانی تازہ پلائی اور جو اوسمین بہی سودا ملا ہو

دیتی ہین اور یہ عارضہ اس دواسی بہی اچہی ہوتی دیکہا ہی وہ دوا یہ ہے
نسخہ فتق بادیان سبز کوہ خشک اجواین خراسانی گل بابونہ تخم مورد گل ارمنی
تولہ تولہ بہر اسکو پیسکر پانی مین رکہی جسوقت لگانا منظور ہوا دسوقت سونیکی
ساگ مین پکاکر پہلی بہپارادی بعدہ وہ لیپ لگاتی اور پہر وہی ساگ باندہے
اس دواکو دو وقت لگاتی پانی سی پرہیز کری اور کبہی فوطونمین عارضہ یون بہی
ہوتاہی کہ پہلی کسیکی مزاج مین برودت یا رطوبت کی کثرت ہو توان دونون کی
سبب سی ریح کا خلل ہر ایک اعضامین پیدا ہوتاہی اسی صورتسی تمام شکم کے
اعضاونمین سی ریح فوطون کی طرف رجوع ہوتی ہی تو وہ حال ہوتاہی جو پہلے
بیان کیاہی کہ اندرسی بیضہ بڑہ جاتاہی تو لوگ اکثر نا تجربہ کارونسی اوسکا علاج کرواتے
ہین کسی حکیم سی نہین بیان کرتی کہ وہ فصد یا جلاب تجویز کری ضماد یا بہپارا بتاتی
اور ناواقف کی دوا یہ ہی کہ تنباکو کا پتا یا ٹیسو کی پہول بتاتی ہین اوس سی اور ترقی
ہوتی ہی لازم یہ ہی کہ ایسا مرض ہو تو حکیم سی کہی کہ وہ موافق مزاجکی دوا کری یا کسی
جرّاح سی کہی اور وہ بہی آزمودہ کار ہوا دسکو چاہی علاج یون کری کہ پہلی جلاب و فصد
تجویز کری اور لیپ و بہپارا بتاوی وہ یہ ہی نسخہ لیپ برای فتق ناخونہ بابونہ
سبز مغز بیضہ کچہوا چار عدد مکو خشک سرگین موش ایک ایک تولہ ان چیزونکو
پانی مین پیسکر گرم کرکی لگاوی اور اگر رای اوسوقت مین یہ ہو کہ پہلی بہپارا دی تو یہ بہی
نسخہ بہپارا برای فتق تخم سویا برگ سویا برگ چنبیلی برگ املی مکوی سبز
شہتر ادو دو تولہ اسکو جوش کری جبکہ وہ پانی مین پکنی لگی تو بہپارا دیکی دوبی
باندہی اور اگر اس دوا سی فایدہ خفیف سا بہی ہو تو یہی رکہی یا یہ بہپارا دے

جب وہ آدمی چت لیٹتا ہی تو وہ پانی پیڑو کی جانب ٹہرتا ہی اس سبب سی پردہ
اندر کا کٹ کی آنت اوتر آتی ہی تو وہ لاعلاج ہی اور ایک صورت یہ ہی کہ کوئی
آدمی کہانا کہا کر پانی پی کر زور کری یا کسی دیوار پر چڑہ جای اور گود پڑی اور
کچہ ایسی ہی سبب ہو جاتی ہین کہ اوسکی آنت اوتر آتی ہی اور اس صورت سی بہی
یہ صدمہ ہوتا ہی کہ اول ایک گٹہلی سی پیڑو پر ہوتی ہی بعد کچہ دنونکی جب آدمی چلتا
پہرتا ہی تو وہ آنت فوطو مین رہتی ہی جبکہ وہ لیٹتا ہی تو آنت پیٹ مین چلی جاتی ہی
اور اوسکی اوٹہنی بیٹہنی یا لیٹنی مین آواز آتی ہی اور اوسکی دوا یہ ہی کہ ایک لنگوٹ
یا کرہ انگریزی باندہی تو وہ بہت مفید ہی یا خیال خام سمجہ کر وہ علاج کرے جو
پانی کی عارضہ مین بیان کیا ہی شاید خداوند کریم اوس دوا سی اچہا کر دی اور ایک عارضہ
فیل پا کا ہوتا ہی تو مینی اوسکا علاج نکیا نہ دیکہا اور اسی صورت سی گہنیگا ہوتا ہی
اوسکا علاج بہی نہین دیکہا اور نہ کیا **بیان فصد بقید تاریخ و روز**
و موسم ہر سال کی آگاہ ہو کہ حال فصد کا اور انکہ بنانیکا اور ہڈی جوڑنیکا
اور زخم تلوار کا وہ کہ جسمین چار انگل کا غار ہو وہ صبح کا زخم شام تک اچہا ہو جای
شام کا زخم صبح تک اچہا ہو اور گولی نکل آئی خواہ کتنی دور ہو اسمین جو نہین لکہا
اسکا سبب یہ ہی کہ یہ کام لی دیکہی اور بی کئی نہین آتی اور ناقص الرای ہڈیکو کاٹ
ڈالتی ہین بی سمجہی کہ یہ قابل کاٹنیکی ہی یا نہین لیکن قول ہماری ڈاکٹر صاحب کا
یہ ہی کہ ہڈی کا کاٹ ڈالنا ناقص فعل ہی تا بہ مقدور نہ کاٹی **بیان تاریخ**
و روز ہای فصد آگاہ ہونا چاہئی کہ امام علیہ السلام سی
ہر مہینہ کی فصد کا حال یون منقول ہی کہ غرہ کی فصد

بیان ہفتہ بہر کی فصد کا یہہ ہی ہفتی کی دن جنون کی واسطی مفید ہے

اور اتوار کو ہر درد و ہر مرض کو مفید ہی آور پیر کو فساد خون کو بہتر ہی آور منگل کو
خارشت بدن کو خوب ہی آور بدہ کو منع ہی آور پنجشنبہ کو خفقان ہوتا ہی اور جسم
بادی ہوجاتا ہی آور جمعہ کو بہی منع ہی جنون ہوتا ہی آگاہ ہو جو لوگ فصد ہر سال
کہلواتی ہین یا مسہل لیتی ہین تو اس بات کی عادی ہوجاتی ہین اور یہ عادت
اچہی نہین ہی اور نکہلوانا فصد کا اچہا ہوتا ہی کیونکہ سال کی موسم تین ہین اور
خون بہی تین طرح پر جسم کی اندر ہوتا ہی اور وہ طرح یہ ہی کہ جاڑیکی موسم مین
کسی عارضہ کی واسطی حکیم فصد تجویز کری تو دو پہر کو کہلوائی کیلیئی جاڑی کے
موسم مین اول وقت خون گردش مین ہوتا ہی بعدہٗ ٹہر جاتا ہی اور بعضی
لوگ کہتی ہین کہ خون جم جاتا ہی یہ غلط ہی اگر بشر کی جسم مین خون جم جاتی
تو زندگی نہو بلکہ اندر گرمی ہوتی ہی اور خون نکلنی مین تمیز نہین ہوتی کہ یہ خون
اچہا ہی یا برا ہی اس موسم مین فصد کہلوانی سی آدمی لاغر ہوجاتا ہی اسواسطے
کہ بری کی ساتہ اچہا بہی نکلجاتا ہی اور گرمی کی موسم مین خون جدا جدا ہوتا ہے
تو اس موسم مین لازم ہی کہ اخیر وقت فصد کہلوائی اور جو اول وقت کہلتی ہے
تو عیب یہ ہی کہ خون کم ہوجاتا ہی اور دن بہر کی گرمی سی زیادہ خشکی ہوتی ہے
اخیر وقت بہتر ہی اور بعضی آدمی عادی ہوتی ہین اور نہین کہلواتی تو ایک
نہ ایک عارضہ پیدا ہوجاتا ہی اور موسم برسات مین خون موافق سی ہوتا ہے
فصد کہلوانا نچاہتی لیکن اگر کوئی عارضہ درپیش ہو اور حکیم کی رای مین آتی
تو کہلوائی اور جب جسم مین خون کم ہوتا ہی تو بسبب خشکی کی کئی عارضہ ہوجاتی

پلائی بعدہٗ دہ گولی کہلائی دوپہر کو آب مونگ پلائی وقت شام کہچری کہلائی
اسطورسی تین جلاب دی **نوع دیگر** گہیکوار سیر بہر اجواین دیسی پاؤ بہر اجواین
خراسانی پاؤ بہر آنبہ ہلدی پاؤ بہر انسبکو جوکوب کرکی اور گہیکوار کاٹ کی چار سیر
پانی مین بہگو وی تین دن بہیم بہگتی رہی بعدہٗ عرق کہینچی اور وقت صبح پانچ پانچ
بینی کو دی اور پرہیز کرائی **نسخہ داغ سفید** اشخار سیاہ تولہ بہر گندہک آملہ سار
تولہ بہر گل ارہنی تولہ بہر خردل بنارسی تولہ بہر گلنار شیرین تولہ بہر پوست درخت
چکسونی تولہ بہر برگ چکسونی تولہ بہر انسبکو باریک کرکی ادرک کی عرق مین گولیان
بنائی جبکہ خشک ہو تو باسی پانی مین گہسکر سفید داغ پر لگائی اور پرہیز کری **نسخجات**
دردیچ ادویہ مسہل اسارہ گوند تولہ بہر راوند چینی تولہ بہر مغز جمال گوٹہ تولہ
بہر کتیرا سفید تولہ بہر انسبکو باریک چہانکر لعاب بہیدانہ مین لت کرکے گولیان ماش
کے برابر بناکے رکہے اور کہچری تین دن کہلائی پہلی پانچ چہہ دن کہچری
اور گولیان چار چار کہلائی بعدہٗ پندرہ گولیان کہلائی اور پیاس کیوقت پانی گرم
اور شام کو کہچری اور سہے کہلائی اور پرہیز کرائی **نوع دیگر روغن وضماد**
صابون لاہوری پیسہ بہر صبر تلخ نو ماشہ انکو ادرک کی عرق مین پیسکر نیم گرم کرکی
جس جگہ درد ہو یہ لیپ لگائی **نوع دیگر** مغز فلوس دو پیسہ بہر گل ارہنی پیسہ بہر
افیون دو ماشہ سورنجان تلخ چہہ ماشہ گل بابونہ پیسہ بہر انسبکو پانی مین پیسکر گرم
کرکے لگائی اور برگ ارنڈ گرم کرکے باندہی **نوع دیگر** اجواین خراسانی پیسہ بہر
نمک شور پیسہ بہر تخم سویا پیسہ بہر خاکسی پیسہ بہر گل پلاس دو پیسہ بہر انسبکو دو سیر پانی
مین جوش کری اور بہپارا دی اور اوسی پانی سی دہوئی اور فصد باسلیق کی لے

ہمیشہ کہایا کری نوعدیگر پوست ہلیلہ زرد پیسہ بہر پوست ہلیلہ سیاہ پیسہ بہر ہلیلہ نو ماشہ گل سرخ چہہ ماشہ بادیان چہہ ماشہ قاقلہ سفید چار ماشہ قاقلہ سرخ چہہ ماشہ آملہ خشک نو ماشہ البلید پیسہ بہر قرنفل چہہ ماشہ پوست ہلیلہ چہہ ماشہ مرچ سیاہ چہہ ماشہ فلفل دراز چہہ ماشہ زرشک دو پیسہ بہر چوک دو پیسہ بہر عرق لیمون کاغذی دو پیسہ بہر عرق ترب دو پیسہ بہر عرق پودنیہ تر دو پیسہ بہر نمک چارون موافق اوسکی لیکر سب دوائیون کو چہانکر عرقیات ملا گولیان برابر کنار دشتی کی بنائی ہر روز ایک گولی وقت صبحکی کہلائی اور بادی چیز کا پرہیز کرائی

نسخجات درد چشم و سرخی و زردی چشم و

نسخہ پہلی باک حضض ہندی پیسہ بہر پاہ سفید پیسہ بہر قرنفل سوختہ لودہ پہنا سوختہ دو پیسہ بہر زاج سفید بریان دو پیسہ بہر توتیا بریان دو سرخ افیون دو ماشہ پہلی اجوائن کہنہ پانی مین بہگو دی ان سب دوائیونکو حلکری یہان تک کہ اوسی پانی مین جبکہ خشک ہو تو گولیان بناکر رکہی وقت حاجت کی باسی پانی مین گہسکر اوپر آنکہہ کی لگائی اور آنکہہ کی اندر بہی لگائی نوعدیگر نسخہ بانہا طبل قرنفل پیسہ بہر افیون پیسہ بہر زاج سفید بریان پیسہ بہر عرق نیم پاؤ بہر عرق املی پاؤ بہر عرق برگ گوبہی صحرائی پاؤ بہر ان سبکو کڑہائی مین نیم کی لکڑی سی خوب حل کرے جبکہ خشک ہو تو گولیان بناکر رکہی جب لگانا منظور ہو تو باسی پانی مین گہسکر آنکہہ کی اندر باہر لگائی نوعدیگر گل ارنی دو پیسہ بہر ہلیلہ سیاہ پیسہ بہر زاج سفید پیسہ بہر افیون چہہ ماشہ ان سبکو کڑہائی مین ڈال کر لیمون کاغذی کا عرق کثرت سی ملا کر دستی آہنی سی خوب حل کری جبکہ خشک ہو تو گولیان بنا رکہی وقت حاجت

سنبل فار سفید پیسہ بہر اصل السوس پیسہ بہر جدوار خالص ڈیڑہ پیسہ بہر ریوند چینی ڈیڑہ پیسہ بہر زنجبیل بتیرہ ڈیڑہ پیسہ بہر عرق برگ تلسی پیسہ بہر ادرک پانچ پیسہ بہر انسبکو پیسکر گولیان برابر ماش کی بنائی اور ہر صبحکو دو گولیان گرم پانی کی ساتہ کہلائی اور پرہیز کرای **نوع دیگر** سنبل فار چہہ ماشہ کتہہ سفید پیسہ بہر عرق ادرک تین پاؤ انسبکو حل کری جبکہ خشک ہو تو گولیان برابر موٹہہ کی بنائی اور ایک گولی ہمیشہ کہایا کری تو شہوت کبہی کم نہوگی **نوع دیگر** زاج سفید پیسہ بہر فلفل گرد پیسہ بہر سوہاگہ چوکیا پیسہ بہر گوگل بہنیا دو پیسہ بہر ریٹہا پیسہ بہر انسبکو پانی مین پیسکر گولیان برابر نخود کی بنائی اور کہلائی اگر ہر روز ایک گولی کہایا کری تو کبہی کوئی عارضہ نہو **نسخجات سرفہ یعنی کہانسی و دمہ** کوبل درخت روسہ پیسہ بہر فلفل گرد چہہ ماشہ نمک لاہوری تین ماشہ انکو پیس کر گولیان برابر نخود کی بنائی اور خشک کر کی رکہی ہر روز صبح کو ایک گولی کہلائی اور ایک شام کو کہلائی **نوع دیگر** زاج سفید پیسہ بہر عرق ادرک چار پیسہ بہر انکو حل کری جبکہ خشک ہو تو گولیان برابر نخود کی بناکر صبح شام کہلائی **نوع دیگر** ناریل مع پوست لیکی سوراخ کری قرنفل بارہ عدد جوز گجراتی دو عدد افیون چہہ ماشہ انسبکو جوکوب کر کی اوس ناریل مین بہری اور اوس سوراخ کو دوسری ٹکڑی سی بند کری بعدہ گل حکمت کر کی ایک غار مین رکہی اور پانچ دشتی نصف اوپر اور نصف نیچی رکہکر آگ لگائی وقت صبح کی پاک کر کی باریک پیس اور چہانکر تین ماشہ روز کہلائی اور ترشی اور بادی نکہائی **نسخجات برای فتق بادی و آبی** برگ بکاین دو پیسہ بہر برگ نرما دو پیسہ بہر برگ سوہاگن دو پیسہ بہر برگ جیت دو پیسہ بہر

کشید کری ہر روز پانچ پیسہ بہر عرق اور شہد پیسہ بہر ملا کر پلائی اور غذا نان نخود ہلی
کہلائی **نوع دیگر** صندل سفید پیسہ بہر صندل سرخ پیسہ بہر تخم پوانڑ پیسہ بہر
ان تین چیز کو پیس کر عرق مکوی سبز مین گولیان بنا کر خشک کری اور سرکہ تیز مین
گہسکر اوپر عارضہ کی لگائی

نسخجات استخوان شکستہ

مصطگی رومی پیسہ بہر کندر گجراتی پیسہ بہر گوند ببول پیسہ بہر انزروت پیسہ بہر گوشت پیسہ بہر کہربا شمعی پیسہ بہر مصبر کمنگری پیسہ بہر گوگل پیسہ بہر تخم تمر ہندی پیسہ بہر مغز تخم کرنج پیسہ بہر پہٹکری سفید پیسہ بہر لوبان کوڑیا پیسہ بہر ریج قلمی پیسہ بہر میدہ لکڑی پیسہ بہر آنبہ ہلدی پیسہ بہر زرنیخ پیسہ بہر کتہہ سفید پیسہ بہر سوہاگہ بریان پیسہ بہر زاج سرخ پیسہ بہر افیون پیسہ بہر
ان سبکو باریک چہانکر پانی مین لت کرکی سفیدی بیضہ مرغ دو عدد روغن سیاہ
قدری ملا کر ضماد لگائی اور پرہیز کرای **نوع دیگر** آنبہ ہلدی پیسہ بہر میدہ لکڑی پیسہ بہر
مصطگی رومی پیسہ بہر افیون تین ماشہ اسبکو باریک کرکی رکہی اور پہلی گہی سے
مالش کری بعدہٗ یہ لیپ لگائی اور پانی سی پرہیز کرای **نوع دیگر**

برای نسخہ قی کہنہ

اصل السوس مقشر چار پیسہ بہر تخم شبت نیم کوفتہ چار پیسہ بہر
تخم خطمی چہہ پیسہ بہر بیخ خربزہ چار پیسہ بہر نمک لاہوری چہہ ماشہ اسبکو جوکوب
کرکی آٹہہ سیر پانی مین جوش کری جبکہ دو سیر جل جائی تو باقی پیکر قی کری **نوع دیگر**
تخم خطمی کوفتہ دو پیسہ بہر تخم خبازی کوفتہ دو پیسہ بہر اکلیل الملک کوفتہ دو پیسہ بہر
تخم شبت دو پیسہ بہر تخم خربزہ دو پیسہ بہر جوز ہندی پیسہ بہر تین پہل پیسہ بہر نمک لاہوری
چہہ ماشہ ان سبکو چار سیر پانی مین جوش کری جبکہ دو سیر خشک ہو تو پلا کر قی کروائی

نسخجات برای چہائین و خوش رنگ

کونپل درخت نیم عرق

چہہ ماشہ تخم شہترہ سبز چہہ ماشہ تخم نیم چہہ ماشہ تخم بکاین چہہ ماشہ گوند نیم چہہ ماشہ
شہترہ خشک چہہ ماشہ سرہوکہ چہہ ماشہ نیل کنٹھی چہہ ماشہ برم ڈنڈی چہہ ماشہ گل نیم چہہ ماشہ
ہلیلہ سیاہ دس ماشہ پوست کچنال تین ماشہ اصل السوس مقشر چہہ ماشہ انسبکو
پیس کر گولیان برابر نخود کی بناکر صبح و شام ایک ایک کہلاوی اور پرہیز بہت کری
اور گہی بہی لکہائی

نسخجات سفوف برای قوت باہ و جریان وانجماد منی

موصلی سیاہ پیسہ بھر اسکند ناگوری پیسہ بھر نخود دختہ پیسہ بہر
گل دہاوہ پیسہ بہر زنجبیل بتر اپیسہ بہر گل پستہ پیسہ بہر تخم اوٹنگن پیسہ بہر تخم زردک پیسہ بہر
تال مکہانا پیسہ بہر انسبکو باریک چہانکر شکر کچی ملاکر ہر روز پیسہ بہر گاے کی دودہ کی ساتہہ
کہلائی اور مرچ و بادی لکہائی **نوع دیگر** تخم کتان پاؤ بہر بریان یا خام لیکر باریک
کری اور شکر خام برابر ملائی اور ایک پیسہ بہر ہر روز دوا کی ساتہہ کہلائی **نوع دیگر**
ثعلب مصری دو پیسہ بہر عقر قرحہ پیسہ بہر گل نوفل پیسہ بہر موصلی سفید پیسہ بہر موصلی سیاہ
پیسہ بہر تخم ہلہل پیسہ بہر خار خسک د پیسہ بہر اندرجو شیرین آٹہہ ماشہ ست گلو نو ماشہ سپستان
پیسہ بہر تخم کوانچ نو ماشہ تخم اوٹنگن نو ماشہ تال مکہانا خرد نو ماشہ کباب چینی نو ماشہ
سورنجان شیرین نو ماشہ تج بل نو ماشہ ان سبکو باریک کر کی شکر برابر ملاکر ہر روز پیسہ بہر
دودہ کی ساتہہ کہلاتی اور پرہیز کری **نوع دیگر** خرما ہندی پیسہ بہر ثعلب مصری پیسہ بہر
مغز بادام پیسہ بہر تخم کتان پیسہ بہر مغز پستہ پیسہ بہر ان سبکو باریک کر کی شکر خام پیسہ بہر ملاکے
ہر روز ایک پیسہ بہر کہلائی **نوع دیگر نسخہ مجربات** کیلہ خام کو تراش کر سایہ مین
سکہائی جبکہ خشک ہو تو گوند ببول پیسہ بہر مصری سفید پیسہ بہر کوٹ کر ایک کف دست
ہر روز کہلائی **نوع دیگر** پہلی روغن زرد پانچ پیسہ بہر گرم کری بعدہٗ دودہ گاے کا آدہ سیر

بھران سب کو لاکر رکھی پانچ پیسہ بھر ہر روز دودہ کی ساتھہ کھلای نوعدیگر آرد نخود مقشر آدہ پاؤ شکر خام دو پیسہ بھر کباب چینی چھہ ماشہ ان تین چیز کو ملاکر چار پیسہ بھر دودہ یا پانی کی ساتھہ کھلای اور پرہیز کرای

نسنخجات برای قوت باہ بطور معجون وحلوہ

عرق گھیکوار سیر بھر میدۂ گندم سیر بھر مغز تخم کپاس سیر بھر ان تین چیز کو جدا جدا بریان کرکی روغن زرد سیر بھر اور شکر یا قند سفید سیر بھر لیکی قوام کرے پھر سب کو ملاکر بطور معجون یا حلوی کی بنائی بعدہ جوز پیسہ بھر قاقلہ سفید پیسہ بھر مغز بادام پاؤ بھر مغز پستہ پاؤ بھر ناریل سفید پاؤ بھر مغز چلغوزہ آدہ پاؤ مغز کردگان آدہ پاؤ خار خشک پیسہ بھر یہ اجزا پیس اور چھانکر اوس حلوی مین ملائی اور ہر روز کھلائی نوعدیگر عرق گھیکوار آدہ پاؤ آرد مونگ آدہ پاؤ روغن زرد آدہ پاؤ انکو جدا جدا بریان کرکے شکر سفید آدہ پاؤ لیکر قوام کرکی بطور حلوی کی بنائی اور تال مکھانا دو پیسہ بھر خار خسک خورد دو پیسہ بھر خار خسک کلان دو پیسہ بھر پھول مکھانہ دو پیسہ بھر مغز پستہ سبز دو پیسہ بھر مغز بادام دو پیسہ بھر انکو اوسمین ملاکر رکھی اور صبح کو دو پیسہ بھر کھلائی نوعدیگر آرد نخود مقشر سات پیسہ بھر میدۂ گندم پانچ پیسہ بھر روغن زرد پانچ پیسہ بھر ان دو چیز کو بریان کرکی ثعلب مصری پیسہ بھر شقاقل مصری تین ماشہ بہمن سرخ تین ماشہ بہمن سفید تین ماشہ عنبر اشہب تین ماشہ دارچینی نیم ماشہ مصری سفید آدہ پاؤ شہد خالص آدہ پاؤ گلاب خالص پانچ پیسہ بھر عرق کیوڑہ پانچ پیسہ بھر ان سب کو باریک کرکی اسکی قوام مین ملاکر بطور حلوی کی بنائی جبکہ طیار ہو تو عود غرقی دو ماشہ ملاکر رکھی ہر روز دو پیسہ بھر کھلای اور پرہیز کرای اور چالیس دن تک کوئی حرکت بیجا نکرے نوعدیگر گوشت بز نر جوان پاؤ بھر غوک کلان ایک عدد جوز ماشہ بھر الایچی خورد ماشہ بھر قرنفل ماشہ بھر زعفران ماشہ بھر

زیرہ گل کیوڑہ زعفران دارچینی قلمی یہ سب دوائیان چار چار ماشہ لیکر باریک کری
انڈی کی زردی مین ملاکر حل کری جبکہ مثل مرہم کی ہو تو اوپر جسم کی بطور ضماد کی لگاتی
اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی نوع دیگر دارچینی قلمی پیسکر خون کبوتر سیاہ مین خوب
لت کری اور ضماد لگائی اوپر پان بنگلہ باندہی اور پانی کا پرہیز کرے نوع دیگر عقر قرا گجراتی
پوست بیخ کنیر سفید مال کنگنی سوہن مکہی شنگرف قلمی زرنیخ طبقی گھنگچی سفید تخم ترب
تخم شلغم بیر بہوٹی کباب چینی تلخہ گاؤ نرجوان ایک عدد چربی شیر یہ سب دوائیان
پیسہ پیسہ بہر لیوی اور سبکو ملاکر شیشہ آتشی مین دیتا ترکیب کی ساتہ تیل نکال کر فروخ
کی جسم پر لگائی اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی نوع دیگر پوست بیخ دہتورہ پوست بیخ
کنیر سفید پوست بیخ مدار عقر قرا بیر بہوٹی سبز مدار کا دودہ یہ سب وزن مین پیسہ پیسہ بہر لیکر خوب
جوکوب کرکی روغن کنجد سیاہ تین پیسہ بہر ملاکر جوش کری جبکہ سیاہی پر آئی تو صاف
کری اور مالش کی بعد پان بنگلہ گرم کرکی باندہی اور اگر آبلہ پڑجائی تو اوسکا پانی نکالکر
دہویا ہوا گہی لگائی اور پانی کی احتیاط کری نوع دیگر بیر بہوٹی عقر قرا خراطین خشک
ناخون اسپ کلیجن شت بڑا یہ سب ادویہ وزن مین پیسہ پیسہ بہر لیکر باریک کرکے
اور چہان کر شیشی مین بہری اور مثل چوئیکی بناکر نکال کر رکہی اور وقت شب کے
ایک قطرہ لیکر لگای اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی نوع دیگر عقر قرا پوست بیخ کنیر
سفید مال کنگنی تخم کوانچ پیاض سفید اسپند سوختنی یہ سب ادویہ وزن مین جمع دہ چودہ
ماشہ لیکر ملاکر جوش کری جبکہ سیاہی پر آئی تو صاف کرکی رکھہ چھوڑی جسوقت
وقت سونی کا ہو تو خوب مالش کری اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی نوع دیگر
عقر قرا گجراتی بیر بہوٹی جدوار خطائی خراطین خشک یہ سب وزن مین پیسہ پیسہ بہر

کر کی ملاکر رکہی جسوقت احتیاج ہو دو پیسہ بہر لیکی دو پوٹلیان بناکر بہیگی دودہ مین
تر کرکی سینکی یا گہی گائیکا خالص ہو اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی مگر پانی کا پرہیز
کرنا بہت ضرور ہی **نوعدیگر** بیر بہوٹی خراطین خشک ہگند ناگوری آنبہ ہلدی
دہقف نخود بریان فروش یہ سب دوائیان چہ چہ ماشہ لیکر باریک کرکی دو پوٹلیان بناکر روغن گل
مین تر کرہی اور سینکی اوپر اوسکی پان بنگلہ گرم کرکی باندہی **نوعدیگر** ایک ٹکڑا بڑ
کپڑیکا مدار کی دودہ مین سات مرتبہ تر کرہی اور خشک کرہی بعدہ عرق سہنجنا مین
اوس مین تر کرہی اور ایک دن آنبہ ہلدی کی پانی مین تر رکہی اور سکہائی پہر
جبکہ لگانا منظور ہو جسم کی موافق لیکر گائیکا گہی گرم کرکی اوسی تر کرہی اور باندہی اور پانی کا پرہیز
نوعدیگر جو کین چہ جیتی ہوئی لائی دو جوکین خوک کی فوطو نمین لگائی اور دو چمگادڑ
کی فوطو نمین لگائی اور دو گدہی کی فوطو نمین لگائی جبکہ خون سی بہر جائین تو چھوڑ دی
پانچ پیسہ بہر تیل کالی تلون کے مین جلاکر خوب حلکرہی جسوقت لگانا منظور ہو تو چند
قطرہی لیکر اوپر قضیب کی مالش کرہی اور پان بنگلہ گرم کرکی باندہی **نوعدیگر** عقرقرا
دو ماشہ بیر بہوٹی دو ماشہ قرنفل دو ماشہ گوشت گردن گوسپند نر آدہ پاو لیکر خوب کوٹی
اور یہ اجزا باریک کرکی ملائی اور ایک کباب موافق جسم کی بناکر پکائی جبکہ سرخ ہو
تو ہیچ سی تراش کر اوپر جسم کی باندہی وقت صبح کی موقوف کرہی اور جو وہ
کباب گرمی زیادہ کرہی تو پہر بہر کی بعد کہول ڈالی اسیطرح سات روز تک باندہی اور نزد
عورت کی نجائی جبکہ خوب بیقرار ہو تو گیارہ دنکی بعد جائی **نوعدیگر** مال کنگنی عقرقرا
بیر بہوٹی سونٹھ بتر اجا وتری فلوس ماہی سلیخہ قلمی لوبان کوڑیا قرنفل زہر نیلہ تھوتیا
طبقی مغز چال گوٹہ برادہ دندان فیل گندہک آملہ سار نیخ بادنجان صحرائی

مرغی کرگنات کی تپی مین لت کری اور لگائی اور جبکو جی چاہی اوس سی جمع کری تو یقین ہی کہ قادر ہوگا **نوع دیگر** بہنگ خشک افیون کوکنار خشخاش یہ سب دوائیان ماشہ ماشہ بہر لیکر باریک کرکی انجیر کی دودہ مین ترکری اور گولیان بقدر نخود کی بناکر رکہی اور وقت شب کی دو گہڑی پہلی ایک یا دو کہلاسے بعدہ جمع کری **نوع دیگر** ایک پتا کو یکا منگل کو یا اتوار کو اور ایک پتا بکری سیاہ کا ان دونون کو ملاکر جمع کرنی سی پہلی دو گہڑی ضماد کری بعدہ لطف اوسکا دریافت کری

نسخی واسطی تنگ کرنی بدن عورت کی اور خوشبو آنا اوسی بدن سی جس کا نام نہ لکہنا چاہی ہڑ بلیہ دیوار عود عرقی کوٹ تنکر سیاہ سلارس یہ سب دوائیان وزن مین پیسہ پیسہ بہر ان سب کو باریک کرکی ملاکر آگ پر ڈالی اور دہوان اوسکا اپنی جسم پر لگائی مرد کو از طرف ثانی لذت بہت حاصل ہوگی **نوع دیگر** گل جوہی تین ماشہ لیکر روغن گل مین حلکری اور اندر جسم کی ضماد کری ایک ہفتہ بہر اس لیپ سی بہی بہت طبیعت خوش ہوگی **نوع دیگر** پوست انار برگ انار شاخ انار گل چکان ناشگفتہ یہ سب دوائیان وزن مین پیسہ پیسہ بہر روغن تلخ دو پیسہ بہر مین خفیف جوش دیکی حلکری اور ضماد جسم کی اندر کری **نوع دیگر** مشک ترکی ماشہ بہر کافور بہیمسینی و مشک زعفران دو ماشہ ان سب کو باریک کرکی اور شہد خالص مین ملاکر ضماد کرے بہر لطف دیکہی

نسخجات تپ و لرزہ وغیرہ اگر کسیکو تپ لرزہ دو تین مہینی سی ہو تو اوسکو یہ دوا دی **نسخہ** پیپل دراز دو عدد پیسکر پاؤ بہر دودہ مین جمع شش کری بہر اون پیلی کو پیسکر پلائی **نسخہ** گلوی سبز دیت پاپڑہ ہر یک دو درم جوکوب کری پاؤ بہر پانی

گندہک کو سنکہیہ جو کوب کرکی درمیان مین اوسکا درکہی اور آدہی تیی اوسکی نیچی اور
آدہی اوسکی اوپر پہر ایک برتن مین رکہہ کر آگ پر رکہی لیکن برتن کو ترچہا یعنی ٹیڑہا
کر دی تو خدا چاہی تو تیل نکل آوی اور اسی صورت سی لوبان کا بہی تیل نکلتا ہی اور
پہر اس تین طرحکی تیل کو جو چاہی سو کری اور ان تیبون کی دوسری ترکیب یہ ہی
کہ پہلی چاندی یا رانگ کو روغن بید انجیر مین تین بار بجہاوی بعدہ بچہیا کی پیشاب
مین بجہاوی بعدہ روغن تلخ مین بجہاوی پہر اوسکو ریزہ ریزہ کرکی اون تین تیبون مین سی
ایک کو یکایتی کو ٹیکی کوٹکی پہر درمیان مین اوس ریزہ ریزہ کو رکہہ کی آگ مین پہونک دی صبحکو دیکہی
کہ سب دہان کی سی کہیلین ہو گئی ہونگی تو اونکو لیکر جو جی چاہی سو کری دونون چیزونکی
ترکیب ایک سی ہی اور تیسری چیز کی ترکیب یہ ہی کہ پہلی جست نیا لیکر بچہیا کی پیشاب مین
بجہاوی پہر ایک ظرف آہنی مین جوش کری جبکہ وہ چرخ کہاوی تو تولہ بہر مین ایک ماشہ
پتی ڈالدی ایک ساعت کی بعد جو دیکہی تو وہ مانند روئی کی اوڑنی لگی گا پہر اوسکو
جو جی چاہی سو کری اور جست کہنہ کا کشتہ آنکہہ کی واسطی مفید ہی اور ترکیب اوسکی
بنانیکی یہی ہی کہ درویشونکو بناتی دیکہا ہی اور اون صاحبون سی تحقیقات بہی اوسکی
کماحقہ کی ہی اور ترکیب پارہ کی کشتہ کی یہ ہی کہ پہلی پارہ کو نمک مین ڈالکر ایک
ظروف گلی مین گل حکمت کرکی آنچ پر رکہی و خوب پکاوی جبکہ وہ اوسمین قایم رہی تو اوسکی
ہموزن چاندی گرم کرکی وہ پارہ اوس مین ملادی لیکن آگ سی علیحدہ کرکی جب وہ اوسمین
ملجاوی تو اوسکو بہی ریزہ ریزہ کی اوسی صورت سی پہونک دی اور پہر اوس کشتہ کو
ہر مرض والی کو دی یعنی جذام و داغ سفید و وجع مفاصل و کہانسی و دمہ و ضیق النفس
وسن بہری اسطرحکی عارضہ والون کو دی اگر کوئی شوقین تماشہ بین ہو تو

و دانشمندان یونان حیران رہی کچھ سمجھ مین نہ آیا اور نادان لی تمیزون نی تدبیر خلاف سی اچھا کرلیا **قولہ تعالی** تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لازم ہی کہ پہلی جو معجون یا مرہم کسی مرض کی واسطی تیار کری تو ایک حصہ راہ اللہ محتاجون کو دی کہ شافی مطلق اوسکی برکت سی نفع بخشی اور جب علاج کرنا شروع کری پہلی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ زبان و دل سی کہی اور ارشاد الٰہی پر اعتقاد کامل رہی اوسکی نام کی برکت سی یقینی صحت ہوجائیگی جلد رحمت ہاتھ آئیگی **روایت ہی** کہ ایک اعرابی امام ذوی الاحترام حضرت جعفر صادق علیہ السلام کی حضور مین حاضر ہوا اور عرض کی جُعِلْتُ نَفْسِي فِدَاكَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نی زبان معجز بیان سی ارشاد کیا تہا کہ جس امر کو بسم اللہ الرحمن الرحیم کہکی شروع کرے حق جل و علی برکت فرماتا ہی اور کوئی چیز خلل نہین کرتی یا حضرت علیہ السلام شب کو مینی بسم اللہ کہکی کہانا کہایا اور خلل کیا حضرت نی تبسم فرمایا اور ارشاد کیا کہ ہر چیز تو نی بسم اللہ نہین کہی پس جس چیز پر بسم اللہ نہین کی اوسنی خلل کیا اوسنی ... بوسہ دیا اور سہو کا مقر ہوا پس ہر شخص کو لازم ہی کہ بسم اللہ کہکر ہر کام کو شروع کری تو بخیر انجام ہو حسب لخواہ اوس امر کا انصرام ہو انسان کو چاہیی کہ علاج ہر مرض کا ذمہ اپنی واجب جانی صحت کو غنیمت سمجھکر شکر کری ارشاد الٰہی مانی چنانچہ **نقل ہی** کہ حضرت موسی علیہ السلام کی ہاتھ مین پہوڑا ہوا جب تکلیف زیادہ ہوئی درگاہ الٰہی مین التجا کی حکم ہوا کہ بیاض گرم کرکی باندہو صحت ہوجائیگی چنانچہ بمجرد استعمال اوس دوا کی صحت کامل ہوگئی تسکین حاصل ہوگئی اتفاقاً پہر اوس مرض نی عود کیا حضرت موسی علیہ السلام نی بدستور بیاض باندہی کچھ نہ فایدہ ہوا اور روز زیادہ ہوا آخر درگاہ الٰہی مین عرض کی

رسالہ مقراض الصفات

بسم اللہ الرحمن الرحیم شروع کرتا ہون مین ساتہ نام خداوند بزرگ برتر کی کہ وہ اپنی قدرت
اور صاحبی مین یکتا ہی کوئی اوسکا شریک نہین اوسکی ذات وحدہٗ لاشریک ہی اوسما
جلیل الجبار پروردگار عالم نی بیت کن کی کہتی ہی کیا سب کچہ عیان ٭ عرش و کرسی زمین
آسمان ٭ اپنی ید قدرت سی بہشت عنبر سرشت کو ساتہ حور و غلمان کی مزین فرمایا اور اپنے
بندگان خاص کو اوسمین ہمیشہ رکہیگا بیت انبیا و اولیا و العباد صالحین ٭ ہفت جنت مین
مخلد ہوونگی وہ بالیقین ٭ اور ملایکہ پیدا کیئی بی شمار جب ظہور انوار تجلیات ذاتی و صفاتی کا ہوا
عرفان کہتی ہین ذات باری عزاسمہ کو منظور ہوا بموجب قول قدسی کی قول کُنْتُ کَنْزاً
مَخْفِیاً فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ تہا مین گنج مخفی چاہا مینی کہ پہچانا جاؤن مین پس
پیدا کیا خلق کو واسطی پہچاننی اپنی کی پہر فرمایا آیہ کریمہ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ
جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً قَالُوْۤا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ
الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ
اور جب کہا تیری رب نی فرشتونکو مجکو بنانا ہی زمین مین ایک نائب بولی کیا تو
رکہیگا اوس مین جو شخص فساد کری وہان اور کری خون اور ہم پڑہتی ہین تیری
خوبیان اور یاد کرتی ہین تیری ذات پاک کو آیہ کریمہ قَالَ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ
کہا مجکو معلوم ہی جو تم نہین جانتی مراد اوسی ظہور ذات حضرت سرور کائنات محمد مصطفی
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہی آیہ کریمہ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ
عرض کی فرشتون نی تو سب سی نرالا ہی ہمکو معلوم نہین مگر جتنا تو نی سکہایا تو ہی ہے

کو چھینک آئی تو اوٹھہ بیٹھے اور الحمد للہ کہا اور بہت سی حمد بیان کی اوسکی توحید مین چند مدت تک یون ہی رہی پہر ایک روز جل جلالہ عم نوالہ نی تنہائی پر حضرت آدم کی ملاحظہ فرما کی رحم کیا اور یہ کہا کہ اسکا ایک زوج پیدا کیجی لیکن اسی مین سی بموجب آیۂ کریمہ یَا أَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا پہر اوسی ایک جوڑی سی افزایش انسانونکو ہوا اور مجکو پہچانین اور میری یاد کرین تو ہماتک تو اس نادان انجان کو کاملونکی زبانی معلوم او رمفہوم ہوا ہی والله اعلم بالصواب بعد حمد خداوند آسمان و زمین و درود نا محدود بجناب رحمة للعالمین خاتم النبیین احمد مجتبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خاکسار احقر العباد سید فضل علی باشندۂ شاہ جہان آباد خدمت مین شایقان حکایات عجیب و سامعان قصایص غریب تاریخ دان ماضی و حال کی التماس کرتا ہی کہ خاکسار کو کیفیت بیان کرنی ابتدا اور انتہا ذات اور صفات نایونکی بموجب بردہ بدل ایک زن نائی کی بیچ سر کی پڑی اس واسطے اس رسالہ کا نام مقراض الصفات رکہا امید بہانیون ایمانی اور دوستون جانی سے اسبات کی ہی کہ جہان کہین سہو اور خطا اس عاصی سی سرزد ہوئی ہو عفو فرماوین او مورد الزام نکرین موجب حدیث شریف کی حدیث اَلْإِنْسَانُ مُرَكَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْيَانِ بقول شعر بقدر وسع در اصلاح کوشند وگر اصلاح نتوانند خموشند وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ

تہی یا کوئی اور بزرگ تہی اوسنی کہا کہ ہماری رہنما دہی ہین پہر منی کہا سلمان فارسی
ایک اصحاب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سی تہی اونکو قوم تمہاری اپنا رہنما جانتی ہے
اور اونہین کو مانتی ہی تو وہ کوئی پیغمبر نہ تہی نہ کوئی جلیل القدر اصحاب سی تہی جہان او
دو ہزار مجرئی تہی وہان ایک یہ بہی تہی اوس نی کہا جو کچہ ہون ہم اونہین کو مانتی ہین
پہر منی کہا کہ سن مین جو یہ کام کرتا ہون تو موجب فرمانی خداوند عالم کی کہ ملائکہ کرتی آئی ہین
سو اونہین کی تعلیم سی سینہ بسینہ یون ہی چلا آتا ہی اس بات کو کتابون مین بہی دیکہا اور عالمون
کی زبانی بہی سنا ہی اور مینی بہی یہی سمجہکر اختیار کیا اور ہر روز اسی کام کو کرتا ہون اگر تمہارے
باپ دادا کا یہ کام ہوتا تو مین ہرگز اس کام کو نکرتا اور اکثر ڈانکٹر صاحب بہی یہ کہا کرتی تہے
کہ یہ کام یونانسی تعلق رکہتا ہی اور اسکی تحقیقات بہی کر چکا ہون اور مین اسکی سند کتاب اللہ
سی اور قول معتبرون سی رکہتا ہون بہلا تو جو یہ بات کہتی ہی کہ ہماری باپ دادی کا
کام کرتی ہو تیری پاس کچہ سند بہی ہی اگر کوئی سند رکہتی ہو تو ظاہر کر اور مین جو جو سوال
کرتا ہون اون سوالون کا جواب دی یا کسی سی دلوا دی ورنہ وہ سوال یہ ہین **سوال اول**
پہلی سوال کا احوال یہ ہی کہ حق سبحانہٗ تعالی جل شانہٗ نی اپنی قدرت کاملہ سی حضرت آدم
علی نبینا کی پہلو سی حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا کیا اور جب ایک عضو تراشا گیا ہی تب
حضرت حوا ظاہر ہوئی ہین اب تسی مین یہ پوچہتا ہون کہ کسنی تراشکر نکالا تہا حضرت حوا
کو اور زخم کا علاج کیونکر ہوا کسنی کیا اوسوقت تمہارا باپ دادا کہان تہا **سوال دوم**
دوسری سوال کا بیان یہ ہی کہ جسوقت استخوان حضرت آدم ابو البشر کی مقام پر
کی سی نکالا گیا اور پہر بدستور صحیح وسالم کیا گیا تو کسنی چیر کر نکالا تہا اور علاج کر کے
کسنی اچہا کیا تہا **سوال سوم** تیسری سوال کا قصہ یہ ہی کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ

پہلی جواب کی شرح اس طرح سی بیان کرتی ہین کہ بنی آدم کی افزایش کے
واسطی جناب باری نی یہ تدبیر ایجاد فرمائی چنانچہ معارج النبوت مین یہ سب احوال
تفصیل وار موجود ہی جس کا جی چاہی وہ پڑہ لی کہ ظاہر ہوا حضرت حوا کا حضرت
آدم کی پہلوی چپ سی اور بعضون نی پسلی کی جگہہ سی اور بعضی مفسرین نی ران کے
جگہہ سی لکہا ہی مگر صحیح یہ ہی کہ عقل عورت کی کجی پر ہوتی ہی کیونکہ ناقص العقل مشہور ہے
اس دلیل سی یہ ثابت ہوتا ہی کہ پسلی کی ہڈی ٹیڑہی ہی اس جگہہ سی حضرت حوا پیدا
ہوئین ہین کہ ملائکہ حکم رب العالمین سی حضرت آدم ابو البشر کی پاس آئی اور انکو خواب
غفلت مین دیکہکر پسلی کی جگہہ شق کرکی اونکو نکالا اور حضرت آدم ابو البشر کو اصلا علم
نہوا پہر حضرت جبرئیل علیہ السلام نی اپنی پر کو اوس زخم سی مس کیا ایک آن واحد مین
خدا کی قدرت سی وہ زخم بدستور مثل اصل کی مندمل ہوگیا پس جاننا چاہئی کہ ہمارے
باپ دادا کا کام نہین کرتا ہون وقت بیدار ہونی کی حضرت آدم نی جو ملاحظہ کیا
تو ایک ہم جنس کو اپنی پاس بیٹہی دیکہا اور ملائکہ سی پوچہا کہ یہ کون ہی اونہون نے
عرض کی کہ یہ جوڑا ہی تمہارا کہ جسی بنیاد اولاد کی قایم ہوا اور سلسلہ انسانون کا رستے
پکڑتی یہ سنکر حضرت آدم کو رغبت حد سی زیادہ ہوئی پہر حکم آیا کہ پہلی اس کا
مہر ادا کر عرض کی حضرت آدم نی کہ میری پاس کیا ہی جو مین ادا کرون ارشاد
ہوا کہ ہماری حبیب رسول مقبول پر دس مرتبہ درود پڑہ کر صواب اوسکا بعوض
مہر کے دی پہر خواہش دنیا داری کی کرے بعد اوسکی حضرت آدم بہت خوش ہوئی
اور فرمان الہی کو عمل مین لائی پہر حضرت آدم علی نبینا علیہ السلام حضرت حوا علیہ السلام
سی ہم صحبت ہوئی تو حضرت حوا علیہ السلام کو اس امر دنیا سی ایذا ہونی لگی تب

کہ اتنی جلدی کیون کی مین اسکا سامان یہان سے بہیجتا یہ سنکر حضرت ابراہیم علیہ السلام نی عرض کی کہ چاہا مینی تیری حکم مین تساہل نکرون کہ تاخیر حکم تقصیر کا رکہتی ہیں اسواسطی بجا آوری حکم مین تعجیل کی یہ مضمون کتاب تاج القصص مین لکہا ہی

جواب سوال چہارم کا اور چوتہی جواب کی گذارش یہ ہی کہ جب جناب پاک اشرف المخلوقات سرور کائنات فخر آدمیان رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلوہ افروز خطۂ زمین کی ہوئی تو وہ ایام قحط سالی کی تہی اور دودہ زچاؤ کا خشک تہا انکی واسطی تلاش دائی کی تہی چنانچہ بہت دائیان حاضر ہوئین ایک ان مین سے بہت غریب حضرت حلیمہ نام تہین وہ دودہ پلانی کی واسطی مقرر ہوئین مگر کتنی دنون کی بعد عبد المطلب نی یہ کہا کہ انکو تم اپنی مکان پر لیجاؤ اور بحفاظت تمام انکو ساتہ خبرداری کی رکہنا اور دودہ پلائی جانا اور خبر بہی یہان پہنچائی جانا اور ہم بہی آیا جایا کرینگے وہ بموجب فرمانی انکی کی اپنی گہر لی آئین جب دودہ پلانی کی مدت گذر گئی تب بہی چند روز انہین کی گہر مین حضرت صلعم رونق افروز رہی جبکہ سن مبارک چار برس کو پہنچا تو ایک روز اتفاقاً بی بی حلیمہ باہر گئین تہین اس عرصہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی بہائی رضاعیو نکی ساتہ بکریان چرانی گئی اوس دن جنگل مین دو شخص سبز پوش آئی کہ بموجب حکم خداوند عالم کی سرور کائنات کو اوٹہا کر پہاڑ پر لیگئے اور وہان حضرت کا سینۂ مبارک شق کر کی پتہ حرارت کا نکال لیا اور شکم مبارک کو نور الٰہی سی معمور کر دیا اور پہر بدستور زخم برابر درسالم ہو گیا اور اصلا معلوم نہوا جیسی حضرت آدم کو معلوم نہوا تہا مگر اتنا فرق تہا حضرت مین اور اون مین کہ وہ خواب غفلت مین تہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار تہی اور کچہ

لایق حمد کی اور یہ نقل مشہور و معروف ہی ادنی اعلی سب جانتی ہین اب ان پانچ
سوالون کی جواب کا حال خداوند عالم اور اوسکا رسول مقبول جانتا ہی یا قرآن
کی تفسیر والی یا حدیث کی ترجمہ والی یا قول معتبر بیان کرنی والی جانتی ہین اور اگر کو
اس مین شک ہو تو ان سب کو جانی دو یہ سب جہوٹ سہی اب اس چہٹی سوال کی
جواب پر عمل کرنا چاہی اسکو سنو اور کہو کہ ہان یہ سچ ہی **جواب**

سوال ششم کا جسوقت مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی احد کی لڑائی مین
گہٹنی مین تیر لگا تہا اور اوسوقت مین تمہاری رہنما سلمان فارسی بہی موجود تہے
بلکہ اوس لڑائی مین شریک تہی اور اس کام کو نکیا اور نہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نی فرمایا اونسی کہ سلمان تم اس تیر کو نکال لو نعمان جراح کو اوسکی گہر سی بلوایا
اور حضرت ع نی اونسی نکہا جبکہ وہ اپنی گہر سی آیا اور اوس تیر کو دیکہا اور اونسی قصد
تیر کی نکالنی کا کیا تو اوسوقت درد حد سی زیادہ ہونی لگا تب حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نی فرمایا کہ نعمان تم اس پیکان کو زخم مین رہنی دو اور اسکی سر کو کاٹ دو
جسوقت یہ نماز مین مشغول ہون تو پیکان کو نکال لینا چنانچہ وہ اس ارشاد کو عمل مین
لائی سبب یہ تہا کہ آپ نماز مین خوف الہی سی کانپا کرتی تہی اور جسم آپ کا مانند
موم کی ہو جاتا تہا نعمان نی نماز پڑہتی مین وہ پیکان نکال لیا اور حضرت امیر المومنین علی
کو اصلا معلوم نہوا اسکو سطلی کہ آپ فرمایا کرتی تہی کہ ادای نماز مین سامنا جناب جل و
شانہ کا ہوتا ہی اوسوقت میری تن مین جان نہین رہتی وہ دربار جبار و قہار و غفار
کا ہی مین ڈرتا ہون یہ کہ کچہ قصور نہو جائی تو سزاوار عتاب کا ہون اس سبب سے
پیکان کا نکلنا معلوم نہوا اور زخم تیر کا مرہم لگانی سی اچہا ہو گیا **شعر** محذوفات ختم

بیہوش کرکی پیٹ کو چاک کیا اور لڑکی کو نکال کر زخم کو اچھا کردیا یہ احوال رستم کی
پیدا ہونی کا کتاب شاہ نامہ مین مشرح لکہا ہی یہ سندین تو میری پاس موجود ہین
اگر تیری پاس بہی کوئی ایسی سند ہو تو اوسکو ظاہر کر تو مین بہی جانو کہ حقیقت مین تیری
رہنما سلمان فارسی ہین اور سب لوگونکو ثابت اور معلوم ہوجائی کہ ہم جو یہ کام ڈاکٹری
کرتی ہین یہ فعل نائیونکی باپ دادا کا ہی پہر ہم نکرین چہوڑ دین ناحق کو ذلیل و رسوا
کیون ہون ایسی نامعقول آدمی کا روزگار اختیار کرکی شرافت مین ٹبہ لگانا کیا ضرور ہے
یہ مثل سچ ہی **مثل** پہٹ پڑی وہ سونا جسی ٹوٹین کان اب تو ہی ان لوگون پر
رحم کر اور ہم احسانسی تیری شکرگذار ہون اور تجہی اپنا رہنما جان کی اس کام سے
توبہ کرلین اور یہ پیشہ تیری قوم کی واسطی چہوڑ دین گو قیامت کی دن تہوڑی ہین
مگر خدای کریم معاف کردیگا ای عورت کم ذات بدذات تو ایسی چست و چالاک
بیباک اس سن مین ہی اور جوانی کا حال تیرا کیا کہتی **بقول مرزا** نہ جوان چہوڑا ہوگا
نہ بالا ✣ کام کی دیونی تجہی پالا ✣ جو لین یہ ڈہیلی ہوگئین ہین سب ✣ چوچے کے
گل ہنجین چاہتی ہین اب ✣ اوبی حیا تجہکو شرم نہین آتی کہ ہمسی مباحثہ کرتی ہی
فی المثل شیر ونسی جہگڑتی ہی گلی خال کی مادہ ✣ اتنی مین ایک شخص نے
سوال کیا کہ بہلا اس کام کو جو نائی کرتی ہین تو اونہون نی کیونکر کیا اسکا جواب
یہ ہی کہ زمانہ گذشتہ مین ملایکہ کی تعلیم سی ہر نبی نی ایک ایک پیشہ اختیار کیا اس
وجہ سی علم حکمت کا لقمان حکیم نی حاصل کیا یہان تک کہ اگلی وقت مین کل کام
حکیمون نی کئی ہین چنانچہ فن جراحی کو بہی کرتی تہی اب اس زمانہ مین مرض خاص
کو آپ کرتی ہین اور جراحی کو ترک کیا ہی اب اس کام کی ترک کردینی کا بہی حال

کی حاضر رہتی ہین اور حقہ پانی کی خبر رکھتی ہین اور جس محفل مین کہ کہانا ہوتا ہی تو
اوس مین ہاتہ دہولاتی ہین اور جو اون لوگون کی آگی سی جہوٹہا کہانا بچتا ہی
تو وہ نائی لیتا ہی اور اپنی گہر لیجاتا ہی یہ سب ملکون مین دیکھا ہی چنانچہ اس لکھنؤ مین
خاص کر ان لوگون مین جیسی کنجڑی قصائی دہنئی جولاہی آتش باز پتنگ ساز
ڈوم ڈہاڑی کنبی چونی والی وغیرہ ان سبہونکی یہان ایسی خدمت کیواسطی مقرر ہین
اور ہر شہر مین لہہ کے گہر سی کشتی سر پر رکہ کے دلہن کے یہان پہنچاتی ہین اور دلہن کی یہان سے
دولہ کی یہان اور گہر گہر کہانا یا مٹہائی تقسیم کرتی پہرتی ہین اور جابجا رقعہ بہی
شادی خانہ آبادی کا لیتی پہرتی ہین کٹناپن بہی خوب جانتی ہین بہلا ہم تمسی پوچہتی ہین
یہ کام کسی حکیم طبیب بید یا ڈاکٹر کحال شکست بند کو بہی کرتی دیکھا ہی یہ کام انہین سی
ہوتا ہی اور کام کی صورت یہ ہی کہ صبح سی تا شام کو بکو ہر سو پہرا کرتی ہین یہ سب کچہ
انکی واسطی ہی لیکن اونکو یہ کوئی نہین کہتا کہ ڈاکٹر صاحب کہانا لیکر آئین ہین یا حجام صاحب
مٹہائی لائین ہین خلق اللہ بہی کہتی ہی کہ نائی آیا ہی اور گنوین گانؤن مین یہ کہتی ہین
ناؤ آوا رہی ڈانگتر یا جراح نہین کہتا نائی کی نائی مشہور رہوتی ہین کوئی نائی صاحب
بہی نہین کہکر پکارتا اور یہ لوک جو حماقت سی مقابلہ ڈاکٹرونکا فن جراحی مین کرتی ہین
جہوٹی ہین انکا احوال ابتدا سی انتہا تک بیان کیا گیا ہی جسکو سنکر منفعل ہون اور آگی
کو کسی سی مقابلہ نکرین اور کسی نوع کی گفتگو فن جراحی مین نہ لاوین یہ کام ممتاز ہی
اور یہ فرقہ نائیون کا ایسا ذلیل اور خوار ہی کہ جس کا بیان زبان پر نہین آتا
فقط خدمت گذار ہر ایک ہندو اور مسلمان کی ہین آگی انکا احوال لکھنا اور بیان کرنا
بیفایدہ ہی اور ایک دفتر لکھنی کو چاہتی اس واسطی ان چند فقرون پر اکتفا کی

خاتمة الطبع

بعد حمد خدا اور نعت سرور انبیا سید فضل علی شاہجہان آبادی ناظرین باتمکین سی عرض رسا ہی کہ ۱۲۵۳ ہجری مین رسالہ مفید الاجسام دوستونکی تحریک سی لکہا اپنی اور اوستاد ڈاکٹر صاحب کی مجرب نسخی ایکجا ہوئی اسکی شہرہ شہرون مین کیا کیا ہوئی صدہا نقلین ہوئین اسپر مشتاقونکو پہنچ نہ سکین آخر کو چہاپہ کی نوبت آئی جب چہپکر طیار ہوئی فوراً روانہ بلاد و امصار ہوئی اوسوقت بنظر غور دیکہا تو صریح غلطی پائی بہت طبیعت گہبرائی نیکنامی کی عوض بدنامی ہاتہ آئی ناچار بہ طبیعت پر جبر کیا مشقت پر صبر کیا بگڑی کو بنایا اسیر یہ پہل پایا شعر ہر ورق پر ہی میر کی اصلاح ٭ لوگ کہتی ہین سہو کاتب ہی ٭ اندنون جو جناب مولوی محمد یعقوب صاحب نی ملاحظہ فرمایا بعد تاسف یہ کلمہ زبان پر آیا کہ اس کتاب سی اگر غلطی سطر بہ سطر کی دور ہو تو صاحبان ادراک کو پسند آئی بہت بہت شہرہ ہوا وسی روز فقیر کمر ہمت باندہ کی مستعد ہوا جہان تک نقص کی کلمہ تہی نکال ڈالی اور ان روزون میں جو تجربہ ہاتہ آئی تہی نسخی آزمائی تہی وہ بڑہا دیئی انشاء اللہ تعالی جب یہ کتاب چہپ جائیگی پہلی غلطی چہپ جائیگی عاجز کی محنت مولویصاحب کی مشقت بیکار نجائیگی اس دور مین یہ رسم ہی کہ ہلدی کی گرہ گرہ مین باندہی پنساری نبی مسند بچہا تکیہ لگاتی مصرع ل رہی ہر گندہ بر گو گندہ خور ٭ ناخواندہ عطار ہا تاری مارو اٹہی ہاتہ آیا افتیمون گہبرا گئی افیون بنایا سنبل الطیب کو سنبل بنایا یہ شگوفہ ہوا مریض کی جان گئی انکی ناک کی ساتہ دکان گئی مریض صاحب غرض مجنون ہوتا ہی ان جلادونکی ہاتہ سی ناحق خون ہوتا ہی بیمار کو لازم ہی سمجہ بوجہ کی ذی شعور کی دوا کری شفا بدست خدا ہی زبان خلق سی بچا کری ورنہ نقصان مایہ شماتت ہمسایہ زبان زد خاص و عام ہی

بحسن توفیق حکیم شافی المطلق
رسالہ آتشک
مسمّی بہ
نزہت العاشقین
در مطبع ہاشمی واقع میرٹھ طبع شد

بنام خداوند جان آفرین + حکیم سخن بر زبان آفرین + توانا پروردگار نیرو فزای زنگ غم از دل
زدای رابنده چیان ستاید + آری آفریده سپاس آفریدگار چون تواند گزارد + همچنان نعت سید کونین
و سرور دارین که ایزدی آباد بر و و بر والسته نگارش باد دشوار است + همانا مادح ممدوح پروردگار بودن
ناسزاوار است + ناگزیر ازان وازین درمیگذرم + و راه مدعا نگاری میسپرم پنهان نماناد که از دیرباز
اندیشه را درین نگارش نعل در آتش بود که چون پیشین پزشکان و نخستین دانشوران بر بست و بر نهاد چاره گری
جمره و نار فارسی که آتشک را نامند بروشی که دل بدان تواند نهاد نشان نداده اند لختی از سنجیدگی های خونریز
کو تیره درین درد درمان پذیر آزموده ام برگویم + و گلدسته دل فریب که چشم از او نتوان برداشت برنگ
امیری بهمین روش بربندم + عمری دراز بسودای این آرزو و هوای این خواهش روزگارم روزم بشب
و شبم بروز آمد + تا نسخه های پراگنده فراهم آوردم + و هیولای پیکر آرزو بهم سایندم + دران کنونه از
کثرت کار و بار پیدائی آن نگارین نگار صورت نمی بست + و نقش آرزوی دیرساله یعنی نشستن رسال
بکرسی نمی نشست اکنون که رستخیز جهان آباد و غارت زدگی این دیار چنانکه دانا و نادان داند از هرگونه از
و تگاپوی و خواهش و جستجوی فراغ بخشید + دل غمزده را خبر بگوشه تنهائی نشستن و دست از همه بار داشتن
کاری نماند آن پارینه خواهش روائی گرفت + و به آبیاری این نشاط از آتش اندوه فرونشستن +

ازان فراهم آورده با کتابی بربستم و نامش به نشترة العاشقین گزاشتم ❋ و این بربسته را دو بخش کردم نخستین بخش در چاره گری نار فارسی و دویمین بخش به درمان سگالی سوزاک ❋ چشمداشت آنکه هر که بسراپای این نگارین گلدسته بگزرد و به اغلاط که آدم زاد را ازان گزیر نیست فرا رسد به تصحیح گراید نه زبان به بیغاره کشاید نخستین بخش در آتشک مشتمل بر یک تمهید و دو دستور تمهید در تعریف و اسباب و علامات بدان که آتشک بفتح الف ممدوده و تای مثناة فوقانی مفتوحه و شین معجمه مفتوحه و کاف تازی موقوفه بتازی حَمره بجیم مفتوحه گویند و نیز نار فارسی نامند چنانکه صاحب منتخب اللغات تفسیر لفظ جمره چنین کرده که بفارسی آتشک و باد فرنگ گویند بعضی نار فارسی و حَمره را مترادف شمرده اند چون صاحب اقسرائی و بعض فرق کرده اند آنچه با سوزش والم شدید و قلة رطوبة باشد چنانکه گوئی بر عضو اخگر نهاده اند جمره ❋ و آنرا که هنگام ظهور بثره خطوط طاوسی شکل زبانه آتش بر بدن ظاهر شود و آبناک بود با سوزش و لهیب نار فارسی نامند و تسمیه آن بدین اسم یا بسبب کثرة وقوع وی در بلاد فارس است بنابر آنکه اول کسیکه علاجش اخذ کرده از فارس بود و قرشی گفته که اهل فارس آتش پرست و آتش کده های ایشان دایم التوقد بوده اند و ظاهر است که آتش دایم التوقد قوی الحدة والاشتعال بود آن مرض را بنابر شدة لهیب و اشتعال به نار فارسی

موسوم ساختند کما قال القرشی انما خصت بالفارسیة لان اهل الفرس کانوا یعبدون النار وکانت لهم نار توقد دائما

و تلک یکون قویة لامحالة لدوام اشتعالها والتهابها فشبه المرض به لقوته و سمی بها لان مادتها صفراء محترقة بالسوداء

و حق همین است که هر دو را مترادف گفته شود باندک تفاوت یعنی در نار فارسی ماده صفرا زیاده است و در آبله نابیست و در جمره ماده سوداوی زیاده است و نابیست نیست و اگر هست قلیل و آبله آن بی رطوبة میباشد اکثر

کما قال صاحب اسباب والعلامات و شارحه و هو قریب من الجمرة الا ان مادته اشد صفراء و مادة الجمرة اشد سوداویة و علاج هر دو یکی است بنحوی که قریبتر بیان کرده می شود ان شاء الله تعالی مگر در نار فارسی رعایت صفرا ملحوظ باشد و در جمره لحاظ سودا و تسمیه به باد فرنگ و آبله فرنگ از جهة آنکه ابتدای ظهور از فرنگ بوده و یا از جهة آن برای آنکه مدار او شان بیشتر بر اغذیه غلیظه کریه سوداویه است مانند گوشت گاو و خنزیر و مرغابی و امثال اینها و شراب و کم توجهی به تنظیف بدن و غسل و غیره آن و ارنی دانه نیز گویند جهت آنکه اولا از ملا دارین ظاهر شده منتشر

له مرض آتشک صعب وخبیث وعسیر البرا است واز امراض متعدیه ومتوارثه شمرده اند سبب آن صفرای غلیظ
القوام شدید الحرارة کثیر الرداة است که باخون مختلط باشد یا اختلاط صفرای محترقه باسودا ئی ناطبعی وحدوثش
از اکل لحم البقر بافراط وبادنجان وغیره آنچه که از یابسات باشد علامت آن ظهور دانه ها بر ظاهر بدن خواه متفرق
خواه مجتمع باسوزش ولهیب جا الم شدید گویا اخگر گذاشته ور روز بروز منتشر می شود ومتقرح یعنی پهنا در عرض بی
بلندی بباعث غلظت ماده وساعی یعنی متجاوز در عمق گوشت واعضاء مجاور را فرو میگرد وکود میکند عضو را سبب و
آنکه ماده آن خون سوداوی فاسد ردی سمی است ورنگ آن سرخ وگرد اگرد قطعه های چهره نمایان باحساس التهاب
ریم نمی آرد وخشکریشه شده به میگردد وگاه از حدت ورداءة ماده خبیثه بخارات که از آن منبعث می شود جلد را سیاه
میسازد ومتقرح مینماید وبوی بد از آن بدماغ میرسد ورنگ بدن در مائل بسیاهی وپوست بدن منقشر
شده جدا میگردد ومانند سبوسه وگاه بر تمام بدن داغهای نیلگون سبز منتشر وآثار کلف وبهق ابیض و
اسود نمایان می شود همیقدر شیخ علیه الرحمه وصاحب غنی منی وغیره بیان نموده ودر بلاد هند مرض آتشک
کثیر الحدوث است بمردان از زنان فاحشه وبدکار بسبب مقاربت ومباشرت متکون میگردد وحدوث
اینچنین کیفیت ردیه خبیثه در انیان از کثرت مجامعت بخواهش نفسانی وطمع دنیاوی ومتمتع واخذ وجبر زر
کس وناکس بوده است که آب منی اشخاص مختلفة الطبائع در فرج می ریزد ومزاج فرج ورحم را از حالت
اصلی بر میگرداند وحرارت غیر طبعیه رویه خبیثه در آن پیدا می شود وگاه بثور صغار در عمق فرج بر می آید علامات منتشر
خشکی لب وتقشر وی ودانه های بر کناره لب باشند بواسیر التفت وزردی رنگ مائل بسیاهی وبی رونقی چهره
ورنگ بدن وخشکی وسبوسه بدن هرگاه مردی از قوی شهوانیه بهیمیه برین خیال نکرده مباشر شود بمجرد
دخول حشفه چنان محسوس میکند که در تنوری یا دیگدانی در کرده وفورا بثور اولا بر قضیب نمایان می شوند وبعد آن
بر اندام بثرات هویدا وبول بسوزش چنانکه می خراشد واز بخارات متصاعده کام ودهان متقشر میگردد وسوزش
در تمام بدن احساس میکند ودر چندی سوراخی در حلق شده از قحف در میگذرد وهنگام از آن حشفه وقضیب
را آتشک میسازد وبینی فرو می نشیند وآواز غنه میگردد وکلام صاف کردن نمی تواند وبانجام کسی را
جذام وخدر وکسی را وجع مفاصل وبواسیر می شود ودر زمانه قدما این شکل خاص یعنی اول بثور بر قضیب

شود زیرا که در علامت ها در کتب متقدمین دیده نشد و نه طریقهٔ علاج که درین بلاد جاری است بنظر آمده اگر بودی
فروگذاشت نشده و بشرح و بسط علامت و علاج نوشتندی و باید دانست که این نوع آتشک که در بلاد
